الطریق الی اللہ بعدد نفوس الخلایق

رسالہ سلوک

از تصنیف حضرت شاہ نعمت اللہ ولی رحمۃ اللہ علیہ

سالکینِ راہِ حق کے لیے گنجینۂ معرفت
شاہ نعمت اللہ ولیؒ کی نایاب تصنیف، پہلی بار اردو قالب میں

ترجمہ، تحقیق و ترتیب

سید جعفر حسین حمزوی

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ١

ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ٢

ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ٣

مَٰلِكِ يَوْمِ ٱلدِّينِ ٤

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ٥

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ

صِرَٰطَ ٱلَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ ٱلْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا ٱلضَّآلِّينَ ٧

انتساب

یہ رسالہ اُن سالکانِ طریقت کے نام ہے، جن کے دل آیتِ قرآنی

وَفِي أَنفُسِكُمْ أَفَلَا تُبْصِرُونَ کی صدا پر چونک اٹھتے ہیں،

اور جو اپنے باطن کی سرزمین میں حقیقت کے چراغ تلاش کرتے ہیں۔

اُن کے لیے جو جانتے ہیں کہ نفس کی پہچان دراصل رب کی پہچان کا دروازہ ہے،

جیسا کہ ارشاد ہوا: مَن عَرَفَ نَفسَهُ فقدْ عَرَفَ رَبَّہٗ۔

یہ امانت اُن رہروانِ سلوک کے نام ہے جو ظاہر کے دشت سے گزر کر باطن کے

گلزار تک پہنچنے کی جستجو میں ہیں؛ جو دل کی کتاب کھول کر آیاتِ حقیقت پڑھتے ہیں،

اور چشمِ بینا سے اُس کو دیکھتے ہیں جو حروف و الفاظ سے ماورا ہے۔

ایسا لگتا ہے کہ یہ تحریر اُن روحوں کو پکارتی ہے جو "خاک" میں چھپے "زر" کو پہچانتی

ہیں، جو جانتی ہیں کہ قطرہ اگر اپنے بحر سے غافل ہو جائے تو خاک سے بدتر ہے، اور

اگر بحر کی پہچان کر لے تو موتی سے بھی قیمتی ہے۔

سید جعفر حسین حمزوی

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love



درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

روضۂ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ

ماخوذ از کتاب: Through Persia on a Side-Saddle
مؤلف: Ella C. Sykes
سالِ اشاعت: 1898

قطعہ تاریخ کتاب

ہے نعمت اللہ شاہ ولی شہبازِ معرفت.
انکی ہر اک تصنیف ہے اعجازِ معرفت.

پیشِ نظر کتاب ہے انکی ہی روشنی،
آتی ہے اسکی روح سے آوازِ معرفت.

بسملؔ لکھو یہ اسکی تاریخِ طبع،
"رسالہء سلوک ہے اِک رازِ معرفت"

۱۴۴۷ ھجری

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

فہرستِ مضامین

صفحہ نمبر		شمارہ
01 - 06	مقدمہ	.1
07 - 30	مختصر تعارف حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کرمانی	.2
32 - 40	رسالہ سلوک کا تعارف	.3
42 - 67	اصل فارسی متن	.4
69 - 99	اُردو ترجمہ	.5
101 - 114	سلوک کا معنی و مفہوم	.6
115 - 129	سلوکِ باطن اور سفرِ دروں	.7
130 - 140	سلوک اور جدید نفسیات /Science	.8
141 - 144	خلاصہ و نتائج	.9
145 - 147	ماخذ و مراجع	.10

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اک اک ورق پہ رازِ سفر درج ہے یہاں
پڑھتا چلا گیا تو خودی کھلتی چلی گئی



- عکسِ مخطوطہ رسالہ سلوک
- ماخذ: کتابخانہ، موزہ ومرکز اسنادِ مجلس شورای اسلامی، تہران (ایران)

مقدمہ

بسم الله الرّحمن الرّحيم

الحمد لله الّذى هدانا لهذا و ما كنا لنهتدى لولا أن هدانا الله،
نحمده و نستعينه و نؤمن به و نتوكل عليه، و نصلّى و نسلّم على
سيدنا و مولانا محمد المصطفى و على آله الأطهار و أصحابه
الأخيار، صلاةً و سلاماً دائمين متلازمين إلى يوم الدين۔
اما بعد—

یہ سراسر فضلِ خداوندی ہے کہ ہمیں اُس دینِ مبین کی روشنی میسر آئی جس کی بنیاد قرآنِ مجید اور اس کے شارحِ حقیقی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے۔ اُس نبی پر درود و سلام ہو جن کی بعثت نے انسان کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر معرفت کے نور میں پہنچایا۔ اور درود و سلام ہو آپ کے اہلِ بیتِ اطہار پر، جن کی محبت کو ایمان کی شرط قرار دیا گیا اور جن کے درِ اقدس سے علم و عرفان کے چشمے جاری ہیں۔ اسی کے ساتھ صوفیائے کرام کی رفعتوں کو سلام، جنھوں نے اپنے باطن کے مجاہدات اور قلبی ریاضات کے ذریعے اُمت کو معرفتِ الٰہی کی راہیں دکھائیں، اور انسان کو اس کے اصل مقصد، یعنی وصالِ حق تک پہنچنے کے ذرائع فراہم کیے۔

DARGAH HAMZA PIR

اہلِ نظر جانتے ہیں کہ تصوف دراصل دین کی روح ہے۔ شریعت اس کا ظاہر ہے اور طریقت اس کا باطن، اور جب ظاہر و باطن جمع ہو جائیں تو حقیقت تک رسائی ہوتی ہے۔ تصوف کا راستہ وہی ہے جس پر نبی وآلِ نبی کے وارثین، یعنی اولیاء اللہ چلے۔ انہی بزرگوں کے فیضان سے قرونِ ماضیہ میں انسان نے اپنے وجود کو پہچانا، اپنے رب کو پہچانا، اور اپنی حقیقت کو سمجھا۔

میری تحریری روایت بھی ہمیشہ اسی نورانی سلسلے سے وابستہ رہی ہے۔ میرا قلم ہمیشہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اہل بیت علیہم السلام اور اولیاء اللہ کی تعلیماتِ تصوف کو عام کرنے کے لیے اٹھا۔ میرا مقصد یہی رہا کہ یہ معارف محض الفاظ کی آرائش نہ بنیں، بلکہ قلوب میں اُتر کر شعور کی کیفیت پیدا کریں۔

قارئین کرام! ذرا اس بات پر تدبر کیجیے کہ شور اور شعور میں محض ایک "ع" کا فرق ہے۔ یہ "ع" دراصل علم ہے۔ اور یہ علم اُس "ع" سے وابستہ ہے جو علی ہے۔ تعلیم اسی علم کے سہارے قائم ہے۔ اگر لفظِ "تعلیم" سے "علی" کو نکال دیا جائے تو صرف "تم" باقی رہتا ہے۔ یعنی علمِ حقیقی کے بغیر تعلیم کا وجود محض ایک خالی ڈھانچہ ہے۔ اور یہی نکتہ حدیثِ مبارکہ میں بھی جلوہ گر ہے جہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"أنا مدينة العلم و على بابها"

"میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں۔"

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Seeparah Love

حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ملفوظات جوامع الکلم میں اسی حدیث کے تحت فرمایا کہ جو کوئی شہرِ علم سے علم حاصل کرنا چاہے، اُسے ناگزیر ہے کہ شہر کے دروازے سے گزرے۔ یعنی نبی اکرم ﷺ کے علومِ قدسیہ کا مرکز اور منبع امیر المؤمنین حضرت امام علی کرم اللہ وجہہ و علیہ السلام ہی ہیں۔ اور یہی وہ سرچشمہ ہے جس سے صوفیائے کرام نے علم و عرفان کی دولت پائی، اور اسی کو اپنی تعلیمات اور سلوک کا سرمایہ بنایا۔

پس یہ میرے لیے باعثِ شرف ہے کہ میرا قلم ہمیشہ انہی مضامین پر رقصاں رہا—
نبی و آلِ نبی کی مدحت، اولیاء اللہ کی حکمت، اور تصوف کی گہرائیوں کی جستجو۔ یہی میرا موضوع ہے، یہی میرا اعنوان ہے، اور یہی میری کاوشوں کا حاصل ہے۔

پس جب ہم اس علمی و روحانی تسلسل پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہی فیضانِ نبوی، یہی نورِ علوی اور یہی مشربِ صوفیاء ہر دور میں زندہ رہا ہے۔ ہر زمانہ میں ایسے نفوسِ قدسیہ پیدا ہوئے جنھوں نے اس نور کو سینہ بہ سینہ آگے منتقل کیا۔ انہی اکابر میں ایک درخشندہ نام حضرت سید نعمت اللہ شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ آپ کا وجود صوفیانہ حکمت، معرفتِ الٰہی اور سلوک کی منازل کا آئینہ دار ہے۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف معرفت و حقیقت کا سرچشمہ ہیں۔
آپ کے قلم سے جو رسائل و کتب ظہور میں آئے وہ صدیوں بعد بھی اہلِ دل کے لیے چراغِ راہ ہیں۔ ان میں نہ صرف سلوک کی منازل کا نقشہ موجود ہے بلکہ انسان اور کائنات کے باطنی اسرار کی جھلک بھی نمایاں ہے۔

گزشتہ برس میری نظر سے شاہ کے چند مخطوطات گزرے۔ مطالعے کے دوران یہ احساس جاگزیں ہوا کہ تصوف کے ایسے ایسے نکات اور معارف ان اوراق میں پوشیدہ ہیں جنہیں عام کرنا نہ صرف میری فکر بلکہ میرا مقصدِ حیات بن جانا چاہیے۔

انہی نادر رسائل میں ایک "رسالہ شرح سوال کمیل بن زیاد قدس سرہ" بھی ہے جس پر میرا ترجمہ اور تحقیقی کام تاحال جاری ہے۔ اس رسالے میں جو روحانی نکات بیان ہوئے ہیں وہ سالک کے لیے گویا ایک نیا جہانِ معرفت کھول دیتے ہیں۔ اسی کے ساتھ اور بھی ایسے رسائل ہیں جن کے مطالعے سے یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ شاہ نے دقیق اور عمیق صوفیانہ تعلیمات کو نہایت حسین پیرایہ میں بیان کیا۔ ہر جملہ گویا ایک آئینہ ہے جس میں حقیقت کا عکس جھلکتا ہے۔

لیکن میں شاہ کے ایسے رسالے کی جستجو میں تھا جس میں تصوف کی مختصر ہی سہی لیکن جامع تعلیمات ہوں۔ ایک ایسا نسخہ جو قاری کو ابتدا ہی میں پورے سفرِ سلوک کا اجمالی خاکہ دکھا دے اور پھر مزید تفصیل کی طرف مائل کرے۔ اسی تلاش کے دوران میری نظر "رسالہ سلوک" پر پڑی۔ یہ رسالہ نہایت مختصر ہے مگر اپنے اختصار میں بھی ایک کائنات سمیٹے ہوئے ہے۔ گویا قطرے میں دریا، اور دریا میں سمندر کا منظر پیش کرتا ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

جب میں نے رسالہ سلوک کے مخطوطات کا بغور مطالعہ کیا تو دل کی گہرائیوں میں یہ صدا ابھری کہ شاہ کے جس رسالے کی تلاش میں میں مدتوں سرگرداں تھا، وہ تو یہی ہے۔ اس میں تصوف کی تعلیمات اگرچہ مختصر ہیں، لیکن اپنے اندر ایسی جامعیت اور گہرائی لیے ہوئے ہیں کہ ہر سالکِ طریقت کے لیے اس کا مطالعہ لازمی ہے۔ یہ رسالہ دراصل وہ چراغ ہے جو راہِ سلوک کی تاریکیوں میں روشنی بکھیرتا ہے، اور سالک کے قدموں کو منزل تک پہنچنے کا حوصلہ عطا کرتا ہے۔

مگر یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہی کہ یہ رسالہ تاحال محض مخطوطات کی شکل میں موجود تھا۔ عوام الناس بھلا کہاں قدیم مخطوطات کی پیچیدگیوں کو سمجھ سکتے ہیں؟ وہ کہاں پرانی کتابت کے رسم و خط اور قدیم اسلوب کی نزاکتوں سے آشنا ہوتے ہیں؟ یہی خیال میرے دل میں مضبوط ہوتا گیا کہ اگر یہ انمول علمی خزانہ پردۂ خفا میں رہا تو آنے والی نسلیں اس سے فیض کیسے پائیں گی؟

چنانچہ میں نے عزم کیا کہ اس رسالے کو منظرِ عام پر لایا جائے، تاکہ ہر وہ شخص جو تصوف اور سلوک کی وادیوں میں قدم رکھنے کا خواہش مند ہے، اسے سہل اور واضح انداز میں پڑھ سکے اور سمجھ سکے۔ بسم اللہ، فی سبیل اللہ، یارسول اللہ ﷺ، یا علی مدد کہہ کر میں نے اس سفر کا آغاز کیا۔

ایران کے شہرِ تہذیب و تمدن، تہران میں واقع "کتابخانہ، موزہ و مرکز اسنادِ مجلس شورای اسلامی" سے مجھے شاہ نعمت اللہ ولیؒ کے پانچ مخطوطات دستیاب ہوئے۔ میں نے ان نسخوں کو اپنے سامنے رکھا، اور لفظ بہ لفظ انہیں لکھنے اور محفوظ کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ کام محض علمی جستجو نہ تھا، بلکہ میرے لیے ایک روحانی فریضہ تھا—یوں لگتا تھا جیسے صدیوں پرانا فیضان اپنے پردے ہٹا کر آج کے زمانے کے سالکین کے لیے دستک دے رہا ہو۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ نے اس رسالے میں قرآنِ کریم کی آیات، احادیثِ نبویہ ﷺ، صوفیائے کرام کے اقوال اور اپنے بلیغ اشعار کو اس انداز سے یکجا کیا ہے کہ قاری کے سامنے سلوک کی راہ گویا ایک روشن شاہراہ بن کر ظاہر ہوتی ہے۔ اس کتاب میں میں نے محض ترجمہ ہی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اصل فارسی متن کو بھی شامل کیا ہے تاکہ قارئین براہِ راست شاہ کے الفاظ سے بھی فیض حاصل کر سکیں۔ ساتھ ہی مشکل مقامات کی وضاحت کے لیے تشریحات و توضیحات درج کی گئی ہیں تاکہ معنی کی گہرائیاں ہر سطح کے قاری کے لیے قابلِ فہم ہو سکیں۔

مزید برآں اس کتاب میں سلوک کے مفہوم، اس کی منازل اور اس کے باطنی سفر کو مختلف ابواب میں بیان کیا گیا ہے۔ پہلے باب میں سلوک کا معنی و مفہوم صوفیاء کے اقوال اور تعلیمات کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔ دوسرے باب سلوکِ باطن اور سفرِ درون میں ایک سالک کے روحانی ارتقاء اور باطنی منازل کا تفصیلی ذکر ہے۔ عصرِ حاضر کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے سلوک اور جدید نفسیات کا باب بھی شامل کیا ہے تاکہ تصوف کی پرانی حکمتیں آج کی علمی زبان سے قریب ہوں، اور نئی نسل کے لیے قابلِ فہم مثالیں درج کی گئی ہیں تاکہ وہ ان معارف کو اپنی روزمرہ زندگی سے جوڑ سکیں۔

یہاں قرآن و حدیث کی روشنی، صوفیاء کے اقوال، اور انسانی نفسیات کے پہلو، سب یکجا کر کے ایک ایسا نقشہ کھینچا گیا ہے جو سلوک کے ہر مسافر کو اپنی استعداد کے مطابق فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ یہی امید ہے کہ یہ کاوش اہلِ علم کے لیے تحقیق کا سرمایہ اور اہلِ دل کے لیے رہنمائی کا زینہ بنے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Spreading The Mission Of Spreading Love

آخر میں باری تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے، اس سے دینِ حق کی خدمت ہو، اور قلوب میں محبتِ الٰہی اور اتباعِ سنتِ مصطفوی ﷺ کی شمع روشن ہو۔

وما توفیقی إلا باللہ علیہ توکلت وإلیہ إنیب۔

سید جعفر حسین حمزوی

مختصر تعارف حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ

تصوف کی تاریخ میں بعض ہستیاں ایسی ہیں جن کا ذکر چراغ کی مانند ہے—جہاں بھی آئے وہاں روشنی بکھر گئی، اور جن کی حیات و تعلیمات آج بھی سالکینِ طریقت کے لیے مینارِ نور ہیں۔ انہی نفوسِ قدسیہ میں ایک درخشندہ نام حضرت میر سید شاہ نعمت اللہ ولی کرمانیؒ کا ہے۔

نام و نسب

آپ کا اصل نام سید نور الدین یزدی تھا، اور ولادت بابرکت پنجشنبہ کے روز، ۲۲ رجب المرجب ۷۳۰ ہجری کو شہرِ حلب میں ہوئی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب اسلامی دنیا علمی و روحانی ارتقاء کے مختلف مدارج سے گزر رہی تھی۔ آپ کے والد ماجد، سید عبد اللہ، عربستان اور حلب سے ایران تشریف لائے اور آخر کار مکران کو اپنا وطن بنایا۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

آپ کا پدری نسب انیس واسطوں سے حضور نبی کریم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچتا ہے جیسا کہ آپ لکھتے ہیں کہ

نوزدہم جدّ من رسول خداست،

آشکاراست نیست پنہانی۔

(میرے انیسویں جد رسولِ خدا ﷺ ہے، یہ بات آشکارا ہے، کوئی پوشیدہ نہیں۔)

آپ نے اپنا شجرہ نسب باقاعدہ منظوم شکل میں قلمبند کیا ہے جو آپ کے دیوان میں موجود ہے۔
اس منظوم شجرے میں وہ اسماءِ مبارکہ شامل ہیں جو نسل در نسل نورِ ولایت کے امین رہے اور بالآخر آپ کے وجودِ پُر فیض تک پہنچے۔ یہ سلسلہ یوں ہے:

1. حضرت امام علی علیہ السلام 2. حضرت امام حسین علیہ السلام
3. حضرت امام زین العابدین علیہ السلام 4. حضرت امام محمد باقر علیہ السلام
5. سید میر عبداللہ 6. سید اسماعیل 7. سید میر محمد الحسینی 8. سید علی کاشانی
9. سید شاہ ابراہیم 10. سید علی 11. سید میر شاہ حاتم 12. سید شاہ صالح
13. سید شاہ جعفر 14. سید موسیٰ 15. سید ہاشم 16. سید کمال الدین یحییٰ
17. سید میر عبداللہ 18. سید محمد 19. سید میر عبداللہ
20. سید نور الدین شاہ نعمت اللہ ولی کرمانیؒ

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

نوٹ:

یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کرمانیؒ کے سلسلۂ نسب کے باب میں مختلف کتب میں کچھ مغالطے راہ پاگئے ہیں۔ بعض مؤرخین نے آپ کو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی نسل سے بتایا، تو کسی نے آپ کو حسنی سادات میں شمار کیا اور سلسلہ نسب کو حضرت غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز سے ملحق کرنے کی کوشش کی۔ یہ سب دراصل روایتوں کی بے احتیاطی یا ناقص نقول کے باعث ہوا۔

لیکن خود حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ نے اپنے دیوان میں اپنا شجرۂ نسب نہایت وضاحت کے ساتھ منظوم کیا ہے، جس میں آپ کی نسبت براہِ راست حضرت امام حسین علیہ السلام تک پہنچتی ہے۔

اس مسئلے کی مزید تفصیل اور تحقیقی وضاحت رسالہ شرح سوالِ کمیل بن زیاد قدس سرہ میں پیش کی جارہی ہے، یہ رسالہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولی ہی کی تصنیف ہے جس پر ابھی تحقیق جاری ہے جہاں مستند دلائل اور تاریخی شواہد کے ساتھ ان مغالطوں کی تصحیح کی گئی ہے۔

ہر بزرگ کی زندگی کے ابتدائی نقوش والدین کی تربیت اور گھریلو ماحول کے زیرِ اثر ہی تشکیل پاتے ہیں۔ حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہ کی ابتدائی تعلیم بھی اسی عام دستور کے مطابق اپنے والدین کے سائے عاطفت میں شروع ہوئی۔ لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ ابھی آپ سنِ طفولیت ہی سے آگے بڑھے تھے کہ والدِ محترم کا سایہ آپ کے سر سے اُٹھ گیا۔ اس یتیمی کے صدمے کے باوجود حضرت نے اپنی علمی پیاس کو بجھانے کے لئے اپنے وقت کے جید علمائے کرام کی بارگاہ میں زانوئے تلمذ تہہ کیا۔

رضا قلی خان ہدایت طبرستانی نے اپنی مشہور زمانہ کتاب مجمع الفصحاء (۱۲۸۴ھ) میں حضرت کی تعلیم کے حوالے سے نہایت قیمتی اشارات درج کیے ہیں۔ ان کے بیان کے مطابق:

DARGAH-E-HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

مقدماتِ علوم شیخ رکن الدین شیرازی سے علم کلام حاصل کیے۔
علمِ بلاغت کی لذت اور رموز شیخ شمس الدین مکی نے آپ کو سکھائیں۔
علمِ حکمت و تفسیر کے گوہر آپ نے سید جلال الدین خوارزمی سے چُنے۔
اصولِ فقہ کی دُرستگی اور فقہی مباحث کی پختگی آپ نے قاضی عضد الدین جیسے جلیل القدر عالم کی صحبت میں حاصل کی۔

یوں ایک ایک علم اپنی اپنی کامل صورت میں حضرت کے دامنِ فکر کو سنوارتا گیا اور آپ کی شخصیت علم و عرفان کے حسین امتزاج میں ڈھلتی گئی۔ وہی امتزاج جس نے آگے چل کر آپ کو نہ صرف ایک کامل صوفی، بلکہ ایک درخشندہ عالم، شاعر اور مربی بھی بنایا۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

شجرہ طریقت و خرقہ خلافت

کچھ تواریخ سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت شاہ قریب 755 ہجری میں مکہ معظّمہ پہنچے، اُس وقت آپ کی عمر تقریباً چوبیس برس کی تھی۔ وہاں آپ نے قطبِ مکہ، امام یافعی قدس سرہ کی خدمت میں زانوئے تلمذ تہہ کیے۔ امام یافعی کا پورا نام ابوالسعادات عفیف الدین عبداللہ بن اسعد تھا۔ یہ شیخ ابوالحسن نورالدین علی بن عبداللہ یمنی طواشی کے مرید تھے۔ چونکہ شیخ طواش کا تعلق بربر قبیلے سے تھا، اسی نسبت سے شاہ نے اپنے سلسلہ ارادت میں انہیں "صالح بربری" فرمایا ہے۔

امام یافعی خود عارفِ اسمِ اعظم تھے اور چالیس برس تک حرمین شریفین کے درمیان مجاہدہ و ریاضت میں بسر کیے۔ اسی سبب اہلِ دل نے انہیں " قطبِ مکہ " کہا۔ آپ کی علمی و صوفیانہ تصانیف میں "تاریخ یافعی" کو بڑی شہرت حاصل ہے۔ حضرت شاہ نے اُن کے بعض رسائل کی شرح لکھی، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کے بیشتر افکار اپنے شیخ کے فیضان سے منور تھے۔

امام یافعی کی خدمت میں شاہ نے سات برس گزارے، اُن سے تصوف کی باریکیوں کا علم پایا، اور خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ شاہ اپنے دیوان میں اس روحانی نسبت کا ذکر نہایت شیریں فارسی ابیات میں یوں کرتے ہیں:

شیخ ما کامل و مکمّل بود   قطبِ وقت و امام عادل بود
گاہِ ارشاد چون سخن گفتی   دُرّ توحید را نکو سفتی
یافعی بود نام عبداللہ   رہبرِ رہروانِ آن درگاہ
صالحِ بربریِّ روحانی   شیخِ شیخِ من است تا دانی

شاہ کے سلسلہ تصوف میں امام یافعی اور شیخ صالح بربری کے اوپر بھی مشہور شخصیات ہیں جیسے کہ ابو مدیان مغربی ابو علی رود بار، جنید بغدادی، سری سقطی معروف کرخی۔ اور پھر یہ سلسلہ امام علی رضا علیہ السلام سے مل جاتا ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

1. حضرت شاہ نعمت اللہ ولی

2. امام یافعی (عبداللہ بن اسعد) 3. صالح بربری 4. نجم الدین کمال کوفی

5. ابوالفتوح ساعدی 6. ابومدیان مغربی 7. ابوالسعود اندلسی 8. شیخ ابوالبرکات

9. ابوالفضل بغدادی 10. امام احمد غزالی 11. ابوبکر طوسی 12. ابوالقاسم گرگانی

13. ابوعثمان سعید مغربی 14. ابوعلی کاتب 15. ابوعلی رودباری

16. جنید بغدادی 17. سری سقطی 18. معروف کرخی

19. امام علی رضا (علیہ السلام)

20. امام موسیٰ کاظم (علیہ السلام)

21. امام جعفر صادق (علیہ السلام)

22. امام محمد باقر (علیہ السلام)

23. امام علی زین العابدین (علیہ السلام)

24. امام حسین ابن علی (علیہ السلام)

25. حضرت علی ابن ابی طالب (علیہ السلام)

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

<u>نوٹ:</u> حضرت نے خود اپنے ایک رسالہ میں سند خرقہ کو بیان فرمایا اس رسالہ کا نام ہے رسالہ فی بیان نسبت الخرقہ۔

تصانیف

جیسا کہ گزشتہ صفحات میں ذکر ہو چکا ہے کہ شاہ نے اپنے زمانے کے جید علمائے کرام سے مقدمات علم بلاغت، حکمت، علم کلام و اصول فقہ کی تحصیل فرمائی تھی لیکن جس فن میں آپ نے بدرجہ اتم کمال حاصل کیا وہ تصوف ہے اور یہ نعمت آپ نے اپنے پیر و مرشد اِمام یافعی سے حاصل کی ہے۔

آپ کی کثیر تصنیفات ہے تواریخ میں ملتا ہے کہ آپ کے تین سو ۳۰۰ سے زائد تصانیف ہیں جن کا خاص موضوع تصوف ہے اور بنیادی موضوع وحدت الوجود ہے۔

- ہمارے شہر حیدرآباد دکن کے کتبخانہ آصفیہ سٹیٹ سنٹرل لائبریری میں مجمع الرسائل نام سے مخطوطہ ہے جو کہ حضرت کے ۱۲۵ رسالہ جات پر مشتمل ہے۔

- ایران کے شہرِ تہذیب و تمدن، تہران میں واقع "کتابخانہ، موزہ و مرکز اسنادِ مجلس شورای اسلامی" میں بھی حضرت کے بہت سے رسالہ جات کے مخطوطات ہے جو کہ راقم الحروف کی نظر سے گزرے ہیں جن کے کچھ نام درج ذیل ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

) رسالہ قل ہو اللہ احد 2) رسالہ تفسیر لا الہ الا اللہ 3) رسالہ فی بیان توحید 4) رسالہ فی بیان سر التوحید 5) رسالہ وجود 6) رسالہ نصیحت 7) فیوضات 8) رسالہ مجمع اللطائف 9) رسالہ مجمع الاسرار 10) رسالہ الہام 11) رسالہ حرف 12) رسالہ معارف 13) رسالہ نوریہ 14) رسالہ مکاشفات 15) رسالہ اصول 16) رسالہ خلوت 17) رسالہ المعروف بالنوریہ 18) رسالہ مراتب 19) رسالہ محبت نامہ 20) رسالہ تحقیقات 21) رسالہ تعریفات 22) رسالہ در بیان اقطاب 23) رسالہ النکات 24) رسالہ برزخ 25) رسالہ تحقیق الجنات

26) رسالہ شرح فاتحۃالکتاب 27) رسالہ در نصیحت سید خلیل اللہ 28) رسالہ حدیث

29) رسالہ منظومہ فی تحقیق الایمان 30) رسالہ نصائح منظومہ 31) رسالہ مسماۃ با النفسیہ

32) رسالہ سوال وجواب 33) رسالہ المعرفۃ باالتعریفات 34) رسالہ ذوقیات 35) رسالہ عینیہ

36) رسالہ نصیحت نامہ خلیفۃاللہ فی ارضہ 37) رسالہ فی بیان نسبت الخرقہ 38) رسالہ فی توکل

39) رسالہ در بیان حواس ظاہر و باطن 40) رسالہ در بیان خلقت انسان

41) رسالہ در بیان موجود ممکن الوجود وواجب الوجود

42) رسالہ در بیان حقیقت بیال و خیال مقید و کیفیت 43) رسالہ رموز

44) رسالہ موسوم بہ مخزن الاسرار 45) رسالہ انعامات 46) رسالہ مسمّٰی بلوائح

47) رسالہ بیان اصطلاحات 48) رسالہ شرح سوال کمیل بن زیاد قدس سرہ

49) رسالہ مہدویہ 50) رسالہ شرح فصوص

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

- رسالہ شرح سوالِ کمیل بن زیاد قدس سرہ

تصوف کی تاریخ میں ایسے رسائل کو نہایت وقعت حاصل ہے جو براہِ راست اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کے ارشادات سے جُڑتے ہوں۔ انہی میں سے ایک عظیم رسالہ ہے شرح سوالِ کمیل بن زیاد، جو حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کرمانی قدس سرہ کا قلمی سرمایہ ہے۔ یہ رسالہ دراصل اُس مکالمے کی شرح ہے جو مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور اُن کے خاص خلیفہ حضرت کمیل بن زیاد نخعی قدس سرہ کے درمیان حقیقت کے اسرار و رموز کے متعلق ہوا۔

حضرت کمیل نے بار بار سوال کیا—حقیقت کیا ہے؟ اور ہر مرتبہ امام علی علیہ السلام نے ایک نئے پہلو سے جواب عطا فرمایا۔ کبھی حقیقت کو پردۂ انوار میں دکھایا، کبھی اسے معرفت کی راہوں میں سمجھایا، اور کبھی اسے الفاظ سے ماورا کر کے سکوت کے پردے میں سمو دیا۔

یہی وہ سلسلۂ سوال و جواب ہے جسے صدیوں بعد حضرت شاہ نعمت اللہ ولی نے اپنی فارسی شرح کے ذریعے زندہ و جاوید کر دیا۔

یہاں یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ حدیثِ حقیقت پر دیگر صوفیائے کرام نے بھی شروح لکھی ہیں۔ مثلاً حضرت شیخ عبدالرزاق کاشی رحمہ اللہ نے عربی زبان میں ایک شرح لکھی، جس کا ایک قدیم مخطوطہ راقم الحروف کی نظر سے بھی گزرا۔ مگر جو امتیاز شاہ نعمت اللہ ولی کی تحریر کو حاصل ہے، وہ کسی اور کو نہ مل سکا۔ اُن کی شرح صرف علمی موشگافیوں کا مجموعہ نہیں، بلکہ دل کے آئینے پر اترنے والا وہ نور ہے جو سالک کو حقیقت کے قریب کر دیتا ہے۔ ان کے کلام میں وہی تازگی ہے جو کوثر کے پانی میں ہے، اور وہی گہرائی ہے جو بحرِ معرفت کی تہہ میں پائی جاتی ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

یہ رسالہ اپنی اصل میں فارسی زبان میں تحریر کیا گیا ہے، اور یہی اس کا حسن بھی ہے۔ فارسی کی مٹھاس اور شاہ کے اندازِ بیان نے اسے ایک ایسا گلدستہ بنا دیا ہے جس کے ہر پھول سے خوشبوئے معرفت اٹھتی ہے۔ صوفیانہ اصطلاحات کی نزاکت، قرآنی آیات کی تائید، احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حوالہ، اور مشائخِ طریقت کے ارشادات—یہ سب مل کر اس رسالے کو ایک ایسی شرح بناتے ہیں جو صدیوں کے بعد بھی اپنی تازگی برقرار رکھے ہوئے ہے۔

نوٹ: جیسا کہ مقدمۂ کتاب میں ذکر ہو چکا ہے، اسی رسالے پر ہماری تحقیق اس وقت جاری ہے۔ ہم اس بات کے درپے ہیں کہ اس شرح کے تمام متون اور مخطوطات کو جمع کر کے ایک مستند شکل میں پیش کریں تاکہ اہلِ علم اور سالکینِ طریقت اس سے بہرہ یاب ہوں۔ ان شاء اللہ یہ تحقیق جلد اپنے تکمیل کے مراحل طے کر کے اشاعت کے قالب میں ڈھل جائے گی۔

- رسالۂ مہدویہ

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کرمانی قدس سرہ کی تصانیف میں ایک نہایت اہم اور قابلِ التفات رسالہ ہے رسالۂ مہدویہ۔ نام سے بظاہر یہ گمان ہوتا ہے کہ یہ رسالہ فرقۂ مہدویہ کی تردید کے لیے لکھا گیا ہوگا، جیسا کہ بعض اوقات سطحی مطالعہ سے ذہن میں یہ تصور ابھرتا ہے۔ لیکن جب یہ رسالہ راقم الحروف کی نظر سے گزرا اور میں نے اس کا بغور مطالعہ کیا تو حقیقت بالکل دوسری نکلی۔

یہ رسالہ دراصل حضرت امام مہدی علیہ السلام کی فضیلت، آپ کے ظہور کی کیفیت اور اس سے وابستہ روحانی اسرار پر مشتمل ہے۔ امام مہدی علیہ السلام کا ذکر اہلِ معرفت کے لیے کوئی نیا موضوع نہیں۔ صدیوں سے یہ موضوع علما، فقہا اور صوفیہ کے بیانات میں موجود رہا ہے۔ البتہ اس میں اختلاف رہا کہ کون سی علامات اور کن تفاصیل پر زور دیا جائے۔ اہلِ سنت اور اہلِ تشیع کے درمیان اس مسئلہ میں ہمیشہ کچھ نہ کچھ فکری فاصلے رہے ہیں، مگر شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہ نے اس رسالے میں نہایت حکیمانہ انداز میں امام مہدی علیہ السلام کا تذکرہ فرمایا ہے۔ انہوں نے کسی فرقہ وارانہ انداز کو اختیار نہیں کیا بلکہ خالص صوفیانہ اور روحانی زبان میں آپ کی شخصیت، آپ کی علاماتِ ظہور اور آپ کی روحانی عظمت کو بیان کیا ہے۔

DARGAH HAMZA PIR

یہاں ایک نہایت اہم پہلو سامنے آتا ہے کہ شاہ کی بتائی ہوئی امام مہدی علیہ السلام کی علامات محض کتابی یا روایتی انداز میں نہیں ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر تاریخ کے آئینے میں ظاہر ہو چکی ہیں اور بعض کا ظہور اب بھی جاری ہے۔ یہ بات اس رسالے کو مزید اہم اور زندہ بنا دیتی ہے کہ اس میں صرف ماضی کی خبریں نہیں بلکہ مستقبل کے حقائق کا بھی بیان ہے۔ عام طور پر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ صوفیہ کا قلم صرف ذکر و فکر، محبتِ الٰہی، اور باطن کی تطہیر پر چلتا ہے۔ لیکن جب اس رسالے پر نگاہ ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ صوفیہ نے وقت کے بڑے بڑے موضوعات، اور خاص طور پر امام مہدی علیہ السلام جیسے اہم اور نازک مسئلے پر بھی اپنے قلم سے روشنی ڈالی ہے۔

- رسالہ شرح فصوص

رسالہ شرح فصوص کا نام سنتے ہی ایک ایسی گہری دنیا کے دروازے کھل جاتے ہیں جس کی بنیادیں معرفت و حقیقت کی سرزمین پر قائم ہیں۔ یہ رسالہ دراصل اُس بے مثال اور ہمہ گیر تصنیف فصوص الحکم کی شرح ہے جو دنیائے تصوف کے امام، عارفِ کامل اور شیخِ اکبر، حضرت محی الدین ابن العربی اندلسی رضی اللہ عنہ کی یادگار ہے۔ فصوص الحکم کا شمار اُن کتابوں میں ہوتا ہے جو محض مطالعے کے لیے نہیں، بلکہ دل کے دریچوں کو کھولنے اور باطن کے آئینے کو جلا بخشنے کے لیے لکھی گئی ہیں۔ اسی لیے صدیوں سے اولیائے کرام، مشائخِ طریقت اور اربابِ سلوک اس بحرِ بے کنار میں غوطہ زن ہوتے آئے ہیں اور ہر ایک نے اپنی روحانی تشریح و توضیح کے ذریعے اس کے موتیوں کو قاری کے سامنے بکھیرنے کی کوشش کی ہے۔

انہی سلسلوں میں حضرت شاہ نعمت اللہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ رسالہ بھی ایک بیش قیمت گوہر ہے۔

اگرچہ فصوص الحکم پر بے شمار شروح لکھی گئیں،

DARGAH HAMZA PIR

مگر شاہ کا یہ کارنامہ اس لیے ممتاز ہے کہ آپ نے اس کی شرح فارسی زبان میں رقم فرمائی اور یوں برصغیر و ایران کی علمی و روحانی دنیا کو اس خزانے سے روشناس کیا۔ راقم الحروف کی نظر سے اس رسالے کا بھی ایک نسخہ گزرا ہے، جو شاہ کی فکر کے گہرے نقوش سے مزین ہے۔

شاہ نعمت اللہ ولی کے افکار کا بغور مطالعہ کیا جائے تو ایک حقیقت پوری وضاحت کے ساتھ آشکار ہوتی ہے کہ آپ کی فکر کا مرکزی اور بنیادی موضوع تصوف ہی نہیں بلکہ اُس کا عطرِ ناب، یعنی وحدت الوجود ہے۔ جی ہاں! وحدت الوجود—وہی نظریہ جو شیخ اکبر ابن العربی کے افکار کا جوہر ہے، اور جس نے صدیوں سے اہلِ دل کو اپنی کشش سے مسحور کیا ہوا ہے۔ شاہ کے دیگر رسائل میں بھی اس نظریے کی جھلک صاف محسوس کی جا سکتی ہے۔

اب رہی فصوص الحکم کی حقیقت—یہ وہ کتاب ہے جسے "قرآنِ تصوف" کہنا مبالغہ نہ ہوگا۔ یہ حکمتوں کے جواہر ہیں جو مختلف انبیاء کرام علیہم السلام کے کمالات کے آئینے میں جلوہ گر ہوتے ہیں۔ شیخ اکبر نے اس میں نبوت کے اسرار، ولایت کے رموز اور حقیقتِ محمدیہ کے انوار کو نہایت باریک اور دقیق اسلوب میں بیان کیا ہے۔ اس کے ایک ایک باب میں معرفت کے ایسے ایسے اسرار پوشیدہ ہیں کہ بڑے بڑے عقلاء بھی حیرت میں ڈوب جاتے ہیں اور اہلِ دل وجد و سرور میں کھو جاتے ہیں۔ اسی لیے اس کتاب پر دنیا کے ہر خطے کے صوفیہ نے شروح لکھی ہیں—کسی نے اسے فلسفیانہ زاویے سے سمجھانے کی کوشش کی، کسی نے ذوقِ عرفانی کے رنگ میں ڈبویا، اور کسی نے اپنے کشف و مشاہدے کی روشنی میں اس کی گرہیں کھولیں۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی بھی اسی قافلے کے ہم رکاب نظر آتے ہیں۔

DARGAH HAMZA PIR

- دیوان حضرت شاہ نعمت اللہ ولی

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہٗ کی شخصیت جہاں اپنے بے شمار رسائل و تصانیف کے سبب عالمِ تصوف میں درخشاں ہے، وہیں آپ کا دیوان بھی ایک انمول سرمایہ ہے۔ یہ دیوان محض چند اوراق یا معمولی اشعار کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر کائنات ہے جو آپ کے عرفان، ذوق اور جمالیاتی شعور کا آئینہ دار ہے۔ آپ کے قلمی کلیات میں تقریباً چودہ ہزار ایک سو ستر (14170) اشعار محفوظ ہیں، جو مختلف اصنافِ سخن پر مشتمل ہیں۔ اس میں نہ صرف غزل اور قصیدہ کی جولانیاں ہیں بلکہ رباعیات، مثنویاں اور منظوماتِ عارفانہ بھی ایسی وسعت سے جلوہ گر ہیں کہ قاری پر حیرت کے در وا ہو جاتے ہیں۔ دیوان کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ اہلِ ادب اور صوفی شعرا نے آپ کے کلام کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ جناب قمر اسلام پوری صاحب نے ایک غیر معمولی نوٹ نقل کیا ہے، جو دراصل آپ کی شعری عظمت پر مہرِ تصدیق ثبت کرتا ہے۔

اس نوٹ میں درج ہے:

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

”شاہ نعمت اللہ اندوریؒ کی ادبی سرگرمی کی وجہ یہ نہیں بلکہ اپنے شاہانہ کمالات کے باعث بھی بہت مشہور ہیں۔ منام ابوالاعلیٰ جامی، قاسمؔ، ذوقؔ، نظیرؔ نامی شعرا کے ساتھ ان کے کلام کی خوبی تعریف کرنے میں شاہ صاحب کا شمار شاہ موضعی شعراء کے ہم گروہ سے ہوتا ہے۔ جن میں سنائی، عطار، مولوی، جرائی، اوحدی، سلیمان، ابوسعید، ابوالمعانی اور وخشو شامل ہیں۔ ان اساتذہ کے کلام کی حفاظت اور اشاعت میں زبان دانی کے نہج پر بڑی محنت کی، اور یہ کوئی پوشیدہ بات نہیں کہ اکثر شعرا و ادبا آپ کے معتقد اور معترف موجود ہیں۔“

کشف و کرامت

اولیائے کرام کی زندگیوں پر نظر ڈالیے تو ایک بات نہایت وضاحت کے ساتھ سامنے آتی ہے کہ ان بزرگوں کو دنیاوی جاہ وجلال اور بادشاہوں کی سازشوں و فریبوں سے کوئی سروکار نہ تھا۔ وہ دربارِ الوہیت کے درباری تھے، ان کی نگاہ بادشاہوں کے طِلا اور دنیا کے خزانے پر نہیں بلکہ حق تعالیٰ کے جمال پر تھی۔ یہی ان کا فخر تھا اور یہی ان کی شناخت۔ ہاں! یہ بھی حقیقت ہے کہ وہ صالح اور عادل حکمرانوں کی قدر ضرور کرتے، مگر جب کوئی بادشاہ غرورِ سلطنت میں مبتلا ہو کر ان کو آزمانے کی جسارت کرتا تو انجام کار نادم و شرمندہ ہو کر انہی بزرگوں کے قدموں میں جا گرتا۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہ العزیز کی حیاتِ مبارکہ میں بھی ایک ایسا ہی واقعہ ملتا ہے جو ان کی کرامت اور درویشانہ جلال کی واضح دلیل ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

شاہ کی خانقاہ میں اہلِ دنیا کی طرف سے تحائف و نذور کا تانتا بندھا رہتا۔ آپ ان میں سے خود بھی تناول فرماتے اور مستحقین میں تقسیم بھی کرتے۔ ایک روز تیموری شہزادہ مرزا شاہ رُخ، جو اپنی سلطنت کے غرور میں ڈوبا ہوا تھا، نے عرض کیا:

”میں نے سنا ہے کہ آپ کبھی مشتبہ غذا بھی کھا لیتے ہیں۔ یہ کیا ماجرا ہے؟“

حضرت نے جواب میں کوئی طویل تقریر نہ کی بلکہ ایک ہی شعر لکھ بھیجا:

گر شود چوں جملہ مالامال

کے خورد مردِ خداانا حلال

(یعنی اگرچہ سب کچھ مشتبہ دکھائی دے، مگر مردِ خداہمیشہ حلال ہی کھاتا ہے۔)

یہ کلام بحر و دریا کی مانند گہرا تھا، مگر شاہ رُخ کا دل مطمئن نہ ہوا۔ اس نے اپنی فہمِ ناقص سے سوچا کہ میں شاہ نعمت اللہ کا امتحان لوں۔ چنانچہ ایک روز اس نے ظلم و جبر سے کسی غریب چرواہے کی بکری چھین لی، اسے ذبح کرواکر گوشت پکوایا اور شاہ کو دعوت دی۔ شاہ نعمت اللہ نے بلاتکلّف کھانا تناول فرمایا۔ بادشاہ کے لبوں پر مسکراہٹ آگئی اور طنزیہ لہجے میں کہا:

"حضرت! آپ نے تو مشتبہ بلکہ غصب شدہ گوشت کھالیا ہے، یہ کیسے ہوا؟"

حضرت نے نہ غصے میں کلام فرمایا نہ مدافعت کی راہ اختیار کی بلکہ نہایت سکون سے فرمایا: "ذرا تحقیق تو کرو کہ یہ گوشت کہاں سے آیا ہے۔"

جب چھان بین کی گئی تو حقیقت سامنے آئی کہ وہ بکری جسے بادشاہ کے کارندوں نے زبردستی چھینا تھا، دراصل اس چرواہے نے بطورِ نذر حضرت شاہ نعمت اللہ کے لیے مقرر کر رکھی تھی۔ یوں گوشت مشتبہ نہ رہا بلکہ وہ تو ہدیۂ اخلاص تھا جو خود اپنے وقت کا ولی اللہ کھا چکا تھا۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

یہ سنتے ہی بادشاہ کے ہوش اڑ گئے۔ اس پر انکشاف ہوا کہ اولیائے اللہ کے قلوب کو حق تعالیٰ کی خاص حفاظت حاصل ہے؛ وہ جسے چاہے باطن میں حرام سے محفوظ رکھتا ہے۔ مرزا شاہ رُخ لرزتے ہوئے حضرت کے قدموں پر جھک گیا، معافی طلب کی اور توبہ کرتے ہوئے عہد کیا کہ اب کبھی بھی اولیائے کرام کو آزمانے کی کوشش نہ کرے گا۔

یہ واقعہ دراصل اس حقیقت کا مظہر ہے کہ اولیائے کاملین کے قلوب و ارواح، حفظِ الٰہی کی ایسی حصار میں ہوتے ہیں جہاں دنیاوی فریب و شبہات کی رسائی ممکن نہیں۔ ان کا ظاہر بھی نور کا آئینہ اور ان کا باطن بھی ذکرِ حق کا گنجینہ ہوتا ہے۔ جو چشمِ ظاہر سے دیکھے گا وہ ایک سادہ درویش پائے گا، مگر جو نظرِ باطن سے دیکھے گا وہ دیکھے گا کہ یہ درویش دربارِ حق کے مقرب ہیں، جن کے دل میں ایک لمحے کو بھی غیرِ خدا کا گزر نہیں۔ مرزا شاہ رُخ کا یہ واقعہ ہمیشہ کے لیے اس بات کی دلیل بن گیا کہ اولیاء اللہ کے مقام کو عقلِ دنیوی سے پرکھنے کی جسارت، انجام کار ندامت اور توبہ ہی ہے۔ وہ درویش جنہیں دنیا آزمانا چاہتی ہے، دراصل خود دنیا ان کی صداقت کے سامنے رسوا ہو جاتی ہے۔

شاہ نعمت اللہ ولیؒ اور سلطان احمد شاہ ولی بہمنی کے تعلقات

تاریخِ دکن میں شاہ نعمت اللہ ولی کرمانیؒ کا ذکر ایک نہایت درخشاں پہلو کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ دور تھا جب تصوف کی کرنیں دکن کی سیاست اور روحانی فضا دونوں پر گہرا اثر ڈال رہی تھیں۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

بہمنی سلطنت کے سلطان احمد شاہ اول، جو "ولی" کے لقب سے مشہور ہوئے، سیاسی اعتبار سے ایک مقتدر بادشاہ تھے اور اپنے عہد کے اہلِ تصوف و سلوک کے بھی بڑے قدردان اور مریدانہ عقیدت رکھنے والے حکمران تھے۔ اسی کی بنیاد پر سلطان احمد شاہ اور حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کے درمیان ایک روحانی تعلق پیدا ہوا۔

اُس زمانے میں حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کی کرامات اور روحانی فیضان کا چرچا ہر سمت پھیلا ہوا تھا۔ سلطان احمد شاہ نے شیخ حبیب اللہ جنیدی—جو حضرت کے خاص مریدوں میں سے تھے—کے توسط سے میر شمس الدین قمی کے ہمراہ بیش قیمت ہدیے و تحائف شاہ نعمت اللہ ولی کی خدمت میں روانہ کیے۔ اس وفد کے ساتھ بادشاہ کی یہ خواہش منسلک تھی کہ وہ بذاتِ خود حضرت سے شرفِ ملاقات حاصل کرے۔ حضرت نے ان تحائف کی نہایت قدر کی اور اپنی روحانی فراست کے جلوے میں ایک سبز تاج، جو بارہ گوشوں پر مشتمل تھا، تیار فرما کر صندوق میں رکھ دیا اور اپنے مخلص مرید ملا قطب الدین کے سپرد کیا تاکہ یہ تاج سلطان احمد شاہ تک پہنچا دیا جائے۔

یہاں ایک نہایت لطیف روحانی اشارہ ظاہر ہوا۔ جب سلطان احمد شاہ نے ملا قطب الدین کو دیکھا تو بے اختیار کہا کہ یہی وہ درویش ہیں جنہیں میں نے فیروز شاہ کے ساتھ ایک معرکہ آرائی کے دوران خواب میں دیکھا تھا۔ اُس وقت خواب میں ایک سبز تاج مجھے عطا کیا گیا تھا، لیکن میں نے اس خواب کو آج تک کسی سے بیان نہیں کیا۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اگرچہ لمحہ بھر کے لیے بادشاہ کے دل میں شک گزرا، لیکن حضرت نے نہایت واضح انداز میں اُس مقام اور اُس درخت کا ذکر کیا جہاں خواب میں تاج عطا ہوا تھا۔ جب صندوق کھولا گیا اور تاج کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تو احمد شاہ کے دل میں یقین پختہ ہو گیا۔ اس کے ساتھ شاہ نعمت اللہ ولی کا مکتوب بھی تھا جس میں سلطان کو "ولی" کے لقب سے یاد فرمایا گیا تھا۔ یہی وہ لمحہ تھا جب احمد شاہ بہمنی ہمیشہ کے لیے "احمد شاہ ولی" کے نام سے مشہور ہو گئے اور سرکاری فرامین و فرمانوں میں بھی اُنہیں اسی لقب سے یاد کیا جانے لگا۔

یہ تعلق صرف ایک خواب یا ایک تاج تک محدود نہ رہا۔ اسی سال احمد شاہ نے خواجہ عمادالدین بختانی اور سیف اللہ حسن آبادی کو حضرت کی خدمت میں دوبارہ روانہ کیا اور عرض کی کہ اپنے کسی فرزند کو دکن بھیجیں تاکہ وہاں سلسلۂ نعمت اللہیہ کی برکات جاری ہوں۔ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کو اپنے فرزندِ اکبر، شاہ خلیل اللہ، سے جدائی گوارا نہ ہوئی کیونکہ وہ ان کے اکلوتے بیٹے تھے۔ تاہم آپ نے اپنے پوتے میر نور اللہ بن شاہ خلیل اللہ کو دکن روانہ فرمایا۔

جب میر نور اللہ بیدر کے قریب پہنچے تو سلطان احمد شاہ خود اپنے تمام صاحب زادوں کے ہمراہ اُن کے استقبال کے لیے حاضر ہوا۔ بادشاہ نے نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ اُن کا استقبال کیا اور خاصہ شاہی کی پالکی بھی روانہ کی تاکہ شاہی خاندان کی شان کے مطابق ان کی تکریم کی جائے۔
یوں کہا جا سکتا ہے کہ شاہ نعمت اللہ ولی کرمانیؒ اور سلطان احمد شاہ ولی بہمنی کا یہ تعلق دکن کی تاریخ میں صوفی و سلطنت کے گہرے امتزاج کی ایک زندہ مثال ہے۔

اسی وجہ سے کہا جاتا تھا کہ شاہ نعمت اللہ ولی تو ماہان میں ہے لیکن اُن کی توجہ خاص ہندوستان میں ہے۔

جیسا کہ یہ شعر ملاحظہ فرمائیے:

دست در ہند خرقہ در ماہان

تاج بخشی چنیں کند شاہاں

یوں دکن میں شاہ نعمت اللہ ولیؒ کے خلفاء کے ذریعے یہ روحانی سلسلہ دور دور تک پھیلتا گیا اور بے شمار دلوں کو اپنی برکات سے منور کرتا رہا۔ بعد کے زمانے میں ہندوستان میں اس سلسلے کے آخری بڑے پیشوا رِضا علی شاہ (وفات 1214ھ/1799ء) کو یہ احساس ہوا کہ ایران میں نعمت اللہیہ کے مرید اپنے وطن میں ایک صاحبِ اجازت مرشد کی کمی محسوس کر رہے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنے برگزیدہ شاگرد میر سید عبدالحمید معصوم علی شاہ (وفات 1212ھ/1797ء) کو ایران بھیجا تا کہ وہاں سلسلے کی از سرِ نو تنظیم اور احیاء کیا جا سکے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

سید معصوم علی شاہ کے بعد بید ختی گن ابادی نعمت اللہی سلسلۂ اقطاب اس طرح آگے بڑھا:

نور علی شاہ اوّل، حسین علی شاہ اصفہانی، مجذوب علی شاہ، میرزا زین العابدین شیروانی مست علی شاہ، میرزا زین العابدین شیرازی رحمت علی شاہ، محمد کاظم سعادت علی شاہ اصفہانی، سلطان محمد بید ختی گن ابادی سلطان علی شاہ، نور علی شاہ ثانی، محمد حسن صالح علی شاہ، سلطان حسین تابندہ رضا علی شاہ۔



بہمنی سلاطین کا شجرۂ نسب

(جس میں حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ اور اُن کے خانوادے کے اُن افراد کے اسمائے گرامی نمایاں کیے گئے ہیں جن کی شادیاں بہمنی شاہی خاندان میں ہوئیں)

ماخذ: A Social History of the Deccan, 1300–1761 —

مصنف: Richard M. Eaton

Richard M Eaton نے اپنی مشہور تصنیف A Social History of the Deccan, 1300–1761 میں بہمنی سلاطین کے شجرۂ نسب کے ساتھ ساتھ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ اور ان کے خانوادے کے تعلقات پر نہایت اہم بحث کی ہے۔ ایٹن لکھتے ہیں کہ سلطان احمد شاہ ولی بہمنی نے ایران کے صوبہ کرمان میں مقیم اس جلیل القدر بزرگ کی شہرت سنی تو دل میں یہ آرزو بیدار ہوئی کہ انہیں دکن بلایا جائے۔

شاہ نعمت اللہ ولیؒ کی شان یہ تھی کہ تیمور جیسا عظیم فاتح بھی جب اُنہیں اپنی سرپرستی میں لینا چاہتا تھا تو آپ نے بڑی جرات مندانہ اور حق گوئی کے ساتھ اُس کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ روایات میں یہ الفاظ منقول ہیں:

"ہٹ جاؤ اے شہزادے! میرے سامنے سونا اور چاندی مت لہراؤ۔
تمہاری سلطنت اگر چین سے شیراز تک پھیلی ہے،
تو میری سلطنت وہ ہے جس کی کوئی سرحد نہیں۔"

DARGAH HAMZA PIR

یہ جملہ آپ کی روحانی عظمت اور بے نیازی کا آئینہ دار ہے۔ سلطان احمد شاہ کے لیے یہ فخر کی بات تھی کہ وہ ایسے بزرگ کو اپنے دربار کی زینت بنائیں۔ چنانچہ پہلے ایک قاصد کرمان بھیجا گیا، مگر شاہ صاحب نے آنے سے انکار فرمایا۔ دوسری بار پیغام بھیجا گیا تو آپ نے اپنے پوتے نور اللہ کو دکن روانہ فرمایا۔ سلطان احمد شاہ نے اُنہیں نہ صرف ایک خاص قیام گاہ عطا کی بلکہ اپنی بیٹی کے ساتھ نکاح بھی کیا۔ اس رشتے کے بعد شاہ نعمت اللہ ولیؒ کا پورا خاندان ایران سے ہجرت کر کے دکن آگیا اور بہمنی سلاطین کے ساتھ رشتے داری تعلقات قایم ہوئے۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کا وصال اور مزارِ مبارک

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ۲۵ رجب المرجب ۸۳۴ھ (مطابق ۱۴۳۰ء) کو قصبہ ماہان میں ہوا، جو شہرِ کرمان (ایران) سے تقریباً سات میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ بوقتِ وصال آپ کی عمرِ مبارک ایک سو چار برس تھی اور آپ نے تقریباً چوہتر سال تک مسندِ قطبیت پر جلوہ افروز رہ کر رشد و ہدایت کا فیضان عام فرمایا۔

دکن کے سلطان احمد شاہ ولی بہمنی، جن کی عقیدت و محبت کا ذکر قبل ازیں آ چکا ہے، آپ کے وصال کے بعد بھی آپ کی عظمت و جلال کو نہایت شاندار انداز میں اجاگر کرتے رہے۔ ان کے تعمیر کردہ عظیم گنبد میں، جو بیدر (دکن) میں واقع ہے، طلائی حروف میں حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کا سنِ وصال ۸۳۴ھ درج ہے اور اس پر یہ دلنشین اشعار کندہ ہیں:

آنکہ روشن تر از خورشید و ماہ است — شاہِ کونین نعمت اللہ است

قدوۂ دودمانِ آلِ عبا است — زندہ خاندانِ صدق و صفا است

آنکہ مفتاح بابِ فردوس است — نقل او "آفتابِ فردوس" است

۸۳۴ھ

اسی طرح دکنی زبان میں بھی ایک تاریخی قطعہ موجود ہے جس میں آپ کے وصال کی تاریخ نہایت ہی خوب انداز میں یوں نکالی گئی ہے:

اتھے خوب شاہ نعمت اللہ ولی　　کرے یادِ حق کوں خفی و جلی
رجب کا بیچ مہینہ انوں پائے ہیں　　پچیسویں کر کے سب بھائے ہیں
اگر توڈھونڈے گا انوں کا وصال　　اتھے آٹھ سو تیں پر چار سال

مقبرۂ شاہ نعمت اللہ ولیؒ

قصبۂ ماہان، جو شہرِ کرمان (ایران) سے قریباً سات میل کے فاصلے پر واقع ہے، حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کے مزارِ پرانوار کی بدولت آج بھی ایک عظیم روحانی مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ مقدس آستانہ اپنے حسین طرزِ تعمیر اور فنِ عمارت کی نفاست کے سبب ایرانی فنِ تعمیر کا ایک درخشاں شاہکار مانا جاتا ہے۔

حضرت کے مزار کی موجودہ ہیئت کئی ادوار کی یادگار ہے۔ اصل مرقد اور بارگاہ کی بنیادیں دکن کے سلطان احمد شاہ ولی بہمنی کے دور میں رکھی گئیں۔ سلطان موصوف، جو حضرت کے بے حد عقیدت مند تھے،

DARGAH HAMZA PIR

نہ صرف تعمیر کے ابتدائی اخراجات کے ذمہ دار تھے بلکہ ہر سال خانقاہ کے مصارف کے لیے باقاعدہ رقم بھی روانہ فرمایا کرتے تھے۔ انہی کے حکم پر مرقد کے اوپر دلکش نیلے رنگ کا گنبد اور اس کے قریب ایک وسیع و عریض بارگاہ تعمیر کی گئی۔ حضرت کے مرقد کا تعویذ زرد سنگِ مرمر سے آراستہ ہے جو آج بھی اپنی دلکشی اور جاذبیت کے باعث زائرین کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔

بعد ازاں صفوی شاہِ ایران، شاہ عباس کے عہدِ حکومت میں اس بارگاہ کے مختلف حصوں کی توسیع کی گئی، جب کہ بلند و بالا میناروں کی تعمیر قاجاری حکمرانوں اور محمد شاہ کے دور میں مکمل ہوئی۔ یوں یہ مزار کئی صدیوں کے فنِ تعمیر اور تاریخی ادوار کا نادر امتزاج پیش کرتا ہے۔

اس مزار کی شان و عظمت کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایران میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے مشہدِ مقدس کے بعد اگر کوئی درگاہ سب سے زیادہ مرجعِ خلائق رہی ہے تو وہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کا یہ دربار ہے۔ قدیم زمانے سے لے کر آج تک ہزاروں زائرین یہاں حاضری کے لیے آتے ہیں، دعاؤں اور فیوض و برکات سے فیضیاب ہوتے ہیں۔



شیخ نعمت اللہ ولی (وفات 1431) کا مزار،
جو ماہان (ایران) میں واقع ہے، جنوب مشرقی ایران اور ہندُستان
کے لیے ایک بڑا صوفیانہ مرکز ہے۔

منقبت

جلوہء نورِ خدا ہے نعمت اللہ الولی.
فخرِ آلِ مصطفیٰ ہے نعمت اللہ الولی.

رازدارِ مرتضیٰ ہے نعمت اللہ الولی.
نعمتِ عشق و وفا ہے نعمت اللہ الولی.

سلسلہ ہے آپ کا سارے جہاں میں نامور،
ناچیں مردِ خدا ہے نعمت اللہ الولی.

سب رسائل آپ کے گنجینہء عرفان ہے،
بحرِ اسرارِ خدا ہے نعمت اللہ الولی.

خوب دربارِ ولایت سے نوازا جاؤنگا،
مدح بسملؔ نے لکھا ہے نعمت اللہ الولی.

از کلام: راقم الحروف، سید جعفر حسین بسملؔ حمزوی

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

رسالہ سلوک کا تعارف

رسالہ سلوک حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہٗ کی وہ عظیم یادگار ہے جس میں سالک کے لئے راہِ سلوک کو نہایت ہی وضاحت اور بصیرت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ یہ تصنیف اپنے نام ہی سے اپنی حقیقت کو آشکار کرتی ہے۔ "رسالہ سلوک" گویا سالک کے لئے ایک مشعلِ راہ ہے، ایک ایسا رہنما چراغ جس کی روشنی میں مسافرِ حقیقت اندھیروں سے بچ کر منزلِ مقصود تک پہنچنے کی راہیں تلاش کر سکتا ہے۔

اس رسالے کی ابتدا ایک حدیثِ مبارکہ سے ہوتی ہے۔ حضور سرورِ کائنات حضرت سیدنا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے سوال کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے کتنے راستے ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"الطریقُ اِلَی اللهِ بِعَدَدِ نُفوسِ الخَلائق"

یعنی اللہ تک پہنچنے کے راستے مخلوقات کی جانوں کی تعداد کے برابر ہیں۔

سبحان اللہ! یہ کتنا عظیم اور پر معنی فرمان ہے۔ اس ایک جملے میں عارفین کے لئے کائناتِ حقیقت کے بے شمار دروازے کھلتے ہیں۔ تاہم جب اہلِ تحقیق نے اس حدیثِ مبارکہ کا جائزہ لیا تو یہ بات سامنے آئی کہ یہ روایت قدیم مصادر و مراجع میں مذکور نہیں ملتی۔ اس لئے بعض اہلِ علم نے اسے قولِ رسول ﷺ تسلیم کرنے میں توقف کیا۔ مگر دوسری طرف جامعہ الازہر شریف جیسے جلیل القدر ادارے کے علمائے محققین نے اس پر تحقیق فرما کر اسے حدیثِ رسول ﷺ کے درجے میں مانا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ حدیث کو سمجھنا ایک الگ علم ہے اور صوفیائے کرام اس علم میں بھی ایسی مہارت رکھتے ہیں جو عام علماء کی سطح سے کہیں بلند ہے۔ عام علماء روایت کے صحیح، ضعیف اور حسن ہونے پر گفتگو کرتے ہیں، جب کہ صوفیہ کی نظر حقیقت پر ہوتی ہے۔ وہ قال سے زیادہ حال پر گواہی دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک اصل چیز حدیث کی سند یا راوی نہیں بلکہ اس کا نورانی مفہوم اور اس کے پیچھے پوشیدہ حقیقت ہے، جس پر وہ براہِ راست مشاہدے اور مکاشفے کے ذریعے مطلع ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ "الطریق الی اللہ بعدد نفوس الخلائق" جیسا فرمان اگرچہ کتبِ حدیث میں کم ذکر ہوا ہے، مگر صوفیہ کے دلوں میں یہ حکمت ایک دائمی حقیقت کے طور پر جلوہ گر ہے۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہٗ کا شمار ان بزرگوں میں ہوتا ہے جنھوں نے نہ صرف علومِ شریعت میں کمال حاصل کیا بلکہ طریقت و معرفت کے اسرار کو بھی بیان فرمایا۔ آپ نے اپنے وقت کے اجلّہ علماء سے علم حاصل کیا اور پھر اپنی روحانی بصیرت کے ذریعے ان علوم کو ایک نئی جہت بخشی۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

ابتدائے آفرینش ہی سے یہ راز آشکار ہے کہ انسان کا اصل سرمایہ علم ہے۔ قرآنِ مجید نے بارہا اہلِ فکر و تدبر کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: اِفَلَا یَتَدَبَّرُونَ، اِفَلَا یَعقِلُونَ، اور قُل ہَل یَستَوِی الَّذِینَ یَعلَمُونَ وَالَّذِینَ لَا یَعلَمُونَ۔ یہی آیات ہمیں یہ حقیقت جتا رہی ہیں کہ عقل و علم کے بغیر نہ تو بندگی کا حق ادا ہو سکتا ہے اور نہ ہی کائنات کے اسرار پر دسترس حاصل کی جا سکتی ہے۔

احادیثِ مبارکہ میں بھی حضور نبی کریم حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم کو مومن کا کھویا ہوا خزانہ قرار دیا ہے۔

امیر المومنین حضرت سیدنا امام علی کرم اللہ وجہہ و علیہ السلام کا یہ قول آج بھی دانش کے چراغ کی مانند دلوں کو منور کرتا ہے کہ: "اَلْعِلْمُ سُلْطَانٌ، مَنْ وَجَدَهُ صَالَ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْهُ صَالَ عَلَيْهِ" (علم بادشاہت ہے، جو اسے پالے وہ غالب ہے، اور جو محروم رہے اس پر دوسرے غالب آتے ہیں)۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے اکابرین نے جب قرآن وسنت کی بنیاد پر غور و فکر کیا تو ان کی تحریروں میں ایک خاص ذوقِ تکرار بھی جلوہ گر ہوئی۔ یہ تکرار سطحی نہیں بلکہ قاری کے قلب پر مسلسل دستک دینے کا ہنر ہے۔ اشعار کی بازگشت اور معانی کی مسلسل گونج ذہن و دل میں ایسا ارتعاش پیدا کرتی ہے جو عام عبارت سے ممکن نہیں۔ یہ ان کے فنِ شاعری اور لطافتِ ذوق کی دلیل بھی ہے اور ایک روحانی اثر انگیزی کا ذریعہ بھی۔ تاہم حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جہاں یہ تصانیف روحانیت اور عرفان کے سرچشمے ہیں، وہیں ان میں جا بجا ایسے نکات بھی ملتے ہیں جو جدید سائنس کے اصولوں سے ہم آہنگ دکھائی دیتے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے گویا وہ صوفی بزرگ صدیوں پہلے ان حقائق کی طرف اشارہ کر گئے تھے جنہیں آج کی لیبارٹریاں اور جدید تحقیقات تسلیم کر رہی ہیں۔

کبھی وہ انسانی روح اور جسم کے تعلق پر ایسے لطیف اشارات کرتے ہیں جنہیں آج سائیکالوجی اور نیورو سائنس نئی زبان میں بیان کر رہی ہے۔ کبھی کائنات کی وسعتوں اور ستاروں کی گردش کا ذکر اس انداز سے کرتے ہیں کہ جدید فلکیات (Astronomy) اس کی تائید کرتی ہے۔ اور کبھی وہ نورِ نبوت اور فیضانِ ولایت کے بیان میں وہی الفاظ استعمال کرتے ہیں جو آج توانائی (Energy) اور روشنی (Light) کے قوانین سے مطابقت رکھتے نظر آتے ہیں۔

یوں محسوس ہوتا ہے کہ صوفیائے کرام کی نگاہیں صرف ظاہر تک محدود نہ تھیں بلکہ ان کے اشراق اور کشف نے ان حقائق کو بھی پا لیا تھا جن تک سائنس صدیوں بعد پہنچی۔ اس طرح یہ رسائل محض روحانیت کا سرمایہ نہیں بلکہ ان میں ایک ایسا علمی و سائنسی ذوق بھی چھپا ہوا ہے جو قاری کو حیرت اور تفکر کی نئی دنیا میں لے جاتا ہے۔

اب اگر رسالہ سلوک کی مزید خصوصیات پر نگاہ ڈالی جائے تو سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس میں جا بجا قرآنی آیات، احادیثِ مبارکہ اور صوفیائے کرام کے اقوالِ حکیمانہ بکھرے ہوئے ہیں۔ ان حوالہ جات نے رسالے کی فکری بنیاد کو مضبوط کیا ہے اور ہر جملہ گویا آسمانی حکمت کا ترجمان معلوم ہوتا ہے۔ مگر اس سب کے ساتھ ساتھ ایک اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کے اکثر و بیشتر رسائل کی طرح اس رسالے کے ہر صفحے پر ان کے روحانی اشعار بھی جلوہ گر ہیں۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission of Spreading Love

ہر صفحے پر شعر کا ورود بلاشبہ آپ کے کمالِ سخن فہمی اور فنِ شاعری کی دلیل ہے۔ لیکن اس میں ایک پوشیدہ نکتہ بھی ہے کہ اشعار کی یہ تکرار قاری کو محض مطالعہ پر نہیں چھوڑ دیتی، بلکہ رفتہ رفتہ اسے اپنے اندر جذب کر لیتی ہے۔ پڑھنے والا اشعار کے تسلسل میں یوں کھو جاتا ہے گویا سب کچھ اس کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہو۔ سننے میں شاید یہ ایک افسانوی کیفیت معلوم ہو، لیکن حقیقت میں یہ وہی اثر ہے جو شاعری کی موسیقیت اور روحانیت مل کر پیدا کرتی ہیں۔

جدید نیوروسائنس اور علمِ نفسیاتِ مطالعہ نے اس کیفیت کو اپنے انداز میں واضح کیا ہے۔
ان تحقیقات کے مطابق عام نثر پڑھنے سے دماغ کے وہ حصے فعال ہوتے ہیں جو زبان کی ساخت اور معانی کو سمجھتے ہیں، لیکن جب قاری شعر پڑھتا ہے تو دماغ کے ساتھ ساتھ جذباتی اور جمالیاتی مراکز بھی بیدار ہو جاتے ہیں۔ خصوصاً limbic system اور nucleus accumbens وہ مراکز ہیں جو لذت، سرور اور وجدانی کیفیت کے ذمہ دار ہیں۔ شعر چونکہ وزن، قافیہ اور ردھم رکھتا ہے، اس لیے وہ موسیقی کی طرح دماغی لہروں کو ہم آہنگ کر دیتا ہے۔ auditory cortex میں وہی ارتعاشی نمونے پیدا ہوتے ہیں جو موسیقی سننے پر ظاہر ہوتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں dopamine اور endorphins کا اخراج بڑھتا ہے، جو سکون، مسرت اور ایک وجدانی کیف کو جنم دیتا ہے۔

مزید یہ کہ شعر میں موجود تصویری تشبیہات اور استعارات دماغ کے visual cortex اور amygdala کو متحرک کرتے ہیں، یوں قاری محض ایک عبارت نہیں پڑھ رہا ہوتا بلکہ ایک ہمہ گیر وجدانی و جمالیاتی تجربے سے گزر رہا ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اشعار سے مزین کتب کا مطالعہ نثری کتب کے مقابلے میں قاری پر زیادہ گہرا اور دیرپا اثر چھوڑتا ہے۔ سائنس کی زبان میں اسے flow state کہا جاتا ہے؛ وہ کیفیت جس میں انسان وقت اور مکان کے شعور سے بالاتر ہو کر ایک ایسی لذت میں ڈوب جاتا ہے جو ایک روحانی تجربہ بن جاتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اولیائے کرام نے اپنے باطنی کیفیات کے اظہار کے لیے شاعری کو منتخب کیا۔ اس کی روشن مثال حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کا مشہور واقعہ ہے

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

کہ ایک محفل میں حضرت شیخ جامؒ کا یہ شعر پڑھا گیا:

کُشتگانِ خنجرِ تسلیم را

ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

یہ شعر سنتے ہی آپ پر ایسی وارداتِ وجدانی طاری ہوئی کہ کئی دنوں تک اسی حال میں رہے اور آخر کار اسی کیفیت میں وصال فرمایا۔

یہ واقعہ اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ شعر کی صوتی و معنوی ترکیب انسانی شعور اور تحت الشعور پر براہِ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ یہی تاثیر شاہ نعمت اللہ ولیؒ کے رسالہ سلوک میں بار بار جلوہ گر ہوتی ہے۔ ان کے اشعار قاری کو محض پڑھنے پر نہیں روکتے، اسے روحانی وجد، فکری ارتعاش اور باطنی سرور کے ایک ایسے جہان میں لے جاتے ہیں جہاں نثر کا علمی پہلو اور شاعری کی وجدانی تاثیر مل کر ایک ہم آہنگ ارتعاش پیدا کرتے ہیں۔ یہی وہ ارتعاش ہے جو قاری کو شعوری و روحانی دونوں سطحوں پر سیراب کرتا ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

رسالہ سلوک کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہٗ نے اس میں نہ صرف عام احکامِ شریعت کو بیان فرمایا بلکہ اُن کے باطنی اسرار و رموز سے بھی پردہ اُٹھایا ہے۔ نماز کو لیجیے؛ بلاشبہ ہم سب جانتے ہیں کہ نماز دین کا ستون ہے، مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے کبھی نماز کے اُن اسرار کو سمجھا جن کے بارے میں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: "الصلوۃ معراج المؤمن"۔

افسوس کہ آج ہماری نمازیں محض حرکات و سکنات میں محدود ہو گئی ہیں۔ ہم قرآن پڑھتے ہیں مگر اُس لذت سے محروم رہتے ہیں جو دراصل ہمارے دلوں میں نور و انشراح کی صورت میں اترنی چاہیے۔ وجہ صاف ہے: نہ ہم نے قرآن کے معانی میں غور کیا، نہ نماز کو اُس کی حقیقی کیفیت کے ساتھ ادا کیا۔

آخرِ کار یہی دعوت دی جاتی ہے کہ اے انسان! یہ خاکی لباس تیرا اصل وطن نہیں، اس راکھ کے گھر سے نکل، اپنے اندر کے لعل کو پہچان اور اس بازِ جان کو شاہی دستِ قبول پر بٹھا۔ حضرتِ داوٗدؑ نے جب بارگاہِ رب العزت میں عرض کیا کہ یہ عالم کیوں پیدا کیا گیا تو ارشاد ہوا: *"کُنتُ کنزاً مخفیاً فأحببت اِن اُعرف"* یعنی میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا، میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں، اس لیے مخلوق کو پیدا کیا۔ پس اگر تجھے اس خزانے کی پہچان کے لیے بلایا گیا ہے تو تُو کیوں خاک کے قفس میں اپنے آپ کو محدود کرتا ہے؟

یوں یہ سفرِ درون اپنی انتہا پر پہنچ کر سالک کو یہ بشارت دیتا ہے کہ اصل معشوق خود اُس کا اپنا جوہر ہے۔ اگر وہ مردانگی کے ساتھ کامِ خداوندی میں استقامت اختیار کرے تو سب کچھ وہی ہے اور محبوب کے گھر کا ہم نشین ہے۔ جو کچھ ہے، وہ اسی کے اندر ہے؛ وہ خود اپنا محبوب ہے، اپنا مقصود ہے۔ یہی وہ لمحۂ فنا ہے جس میں سالک اپنی انانیت کو مٹا کر اپنے آپ کو کائنات کے ساتھ ایک پاتا ہے اور اپنے رب کی بارگاہ میں حقیقی عبدیت کی معراج کو پہنچتا ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mi... Sp...

جب حضرتِ جنیدِ بغدادی قدس سرہٗ کے وصال کا وقت آیا تو اُن کے جسدِ خاکی پر ایک فرشتہ، کبوتری کی صورت میں نازل ہوا اور اہلِ مجلس سے گویا ہوا کہ "یہ ظاہر کا قالب تو ہمارا حصہ ہے، مگر ان کے دل کی امانت محبوبِ حقیقی کے حضور ہے۔ اگر ان کے دل کا ایک ذرّہ بھی آشکار ہو جائے تو وہ دونوں جہانوں کے قفل کھولنے کی کنجی بن جائے۔ بے شمار عوالم کے فرشتے اُن کی خوشبو کے ایک جھونکے کے لیے ترستے ہیں۔"

اسی نکتۂ رفعت کو بیان کرتے ہوئے شیخ فریدالدّین عطّار نیشاپوری رحمۃاللہ علیہ مزید فرماتے ہیں کہ وہی فرشتگانِ سحر خوار، یعنی حضرت ہاروت و ماروت علیہما السلام، جو بابل کے کنویں میں سر کے بل معلق ہیں، ایک بالشت نیچے بہنے والے اُس آبِ معرفت کے لیے پیاسے ہیں جس تک اُن کی رسائی نہیں۔

یہ پانی قریب ہی ہے مگر لوگ اپنی غفلت کے باعث اُسے پہچان نہیں پاتے۔ ایک کامل مردِ حق نے ایک اجنبی سے کہا: "تم کیوں اپنے مکان کو مسلسل دھوتے رہتے ہو؟ اس مکان کو کنواں بنادو، مٹی ہٹادو! اگر اس سیاہ خاک کو دور کردو تو اندر کا شفاف چشمہ آپ ہی آپ اُبل پڑے گا۔ پانی تمہارے قریب ہے، محض دو گز گہرائی تک جاؤ تو چشمہ پھوٹ نکلے گا۔" گویا انسان اپنے باطن کے اس خزانے پر قدم رکھے ہوئے ہے مگر پیاسا ہی جان دیتا ہے، گنجِ معرفت اس کے اپنے گھر میں ہے اور وہ دربہ در ٹھوکر کھا رہا ہے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

قبل ازیں کہ روحِ آدم علیہ السّلام جلوہ گر ہوتی، خود فرشتگانِ مقرب کو خالقِ کائنات کا راستہ معلوم نہ تھا۔ جب حضرتِ آدم علیہ السّلام کا ظہور ہوا تو دونوں جہانوں کی کنجیاں کھل گئیں۔ اسی لیے فرمایا گیا کہ انسان کا مقام فرشتوں سے بھی بلند ہے، بلکہ وہی اصل حقیقت ہے۔ حاملانِ عرش نے جس عرشِ عظیم کو اپنے کندھوں پر اٹھا رکھا تھا دراصل وہ حضرتِ آدم علیہ السّلام کے نورانی دل کا فیضان تھا، کیونکہ آدم ہی دونوں جہانوں کا جامع ہیں۔ چنانچہ حدیثِ قدسی میں ارشاد ہے: «قلبُ المؤمنِ عرشُ اللہ» یعنی مومن کا دل اللہ تعالیٰ کا عرش ہے۔

یقیناً انسان ظاہراً مٹھی بھر خاک ہے، مگر اس کا جوہر اس خاک سے کہیں برتر ہے۔ لوگ ایک مٹی کے گھڑے کو ریشمی لباس پہنا کر دور سے دیکھنے والوں کو دھوکا دیتے ہیں کہ گویا یہ حورِ جہت ہے، مگر جب اُسے بلندی سے نیچے پھینکا جائے تو حقیقت ظاہر ہوتی ہے کہ وہ محض ہوا بھرا برتن تھا۔ اے انسان! آج تو بھی اپنے ظاہر کے اعتبار سے ایسا ہی دلکش پیکر ہے، مگر کل جب قبر کی منزل آئے گی تو یہ پردے ہٹ جائیں گے اور تیرا جوہر اپنی اصلی روشنی کے ساتھ نمایاں ہوگا۔

تیری حقیقت وہ پاکیزہ جوہر ہے جسے اگر فرشتے دیکھ لیں تو دوبارہ تیرے سامنے سجدہ ریز ہو جائیں۔ کیا یہ تیرا ہی جوہر نہ تھا جس کے سامنے ملائکہ نے سر نیاز جھکایا؟ کیا تیرے سر پر خلافتِ الٰہی کا تاج نہیں رکھا گیا؟ تُو خلیفۂ خدا کا فرزند ہے، اب اس راکھ زار کو چھوڑ اور گلزارِ معرفت میں قدم رکھ! یوسفِ صدیق علیہ السّلام کی طرح کنویں کی تنگی سے نکل، مصر کی بادشاہی تیری منتظر ہے۔ تیرے اپنے باطن کا سلیمان اگر اپنی انگوٹھی پا لے تو جن وپریاں بھی تیرے حکم کی تعمیل کریں۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

مگر افسوس! تُو اپنی نگاہ کی کجی کے سبب ایک کو دو، دو کو سو سمجھتا ہے۔ حقیقت میں نہ ایک ہے نہ دو، سب کچھ تُو ہی ہے۔ یہ کائنات محض تیرے وجود کا عکس ہے۔ اگر تُو اس حقیقت کو پہچان لے تو جان لے کہ آسمان وزمین تیرے ہی قلبی افق کے ذرات ہیں، اور تیری روح، عرشِ عظیم سے بھی اعلیٰ ہے۔

حضرتِ بایزید بسطامی قدس سرہٗ کے مقامِ فنا و بقا اور معرفتِ حق کے بیان میں بھی یہی روحانی تسلسل جلوہ گر ہے۔ آپ نے اپنے بے شمار ملفوظات میں انسانی جوہر کی عظمت اور اس کے ماورائی مقام کو نہایت بلیغ انداز میں آشکار فرمایا۔

فرمایا: ”یہ سارے عوالم، یہ عرش و فرش، یہ دونوں جہان — سب میں ہی ہوں، کیونکہ میں فنا ہو کر بقا میں ڈھل چکا ہوں۔“ حقیقت یہ ہے کہ جب بندہ اپنے نفسی وجود کو مٹا دیتا ہے تو یہ عالمِ کون و مکان اس پر معدوم ہو جاتا ہے، تب نہ یہ رہتا ہے نہ وہ، بلکہ سب اُس وحدتِ مطلق میں گم ہو جاتے ہیں۔

ایک عارفِ کامل نے فرمایا کہ خالقِ حقیقی اپنی تمام مخلوقات — ستارے، افلاک، آفتاب و ماہتاب، بحر و بر، پہاڑ و صحرا — سب کچھ تو پرتو کے طور پر دکھا دیتا ہے، مگر انسان کو اُس کی اپنی ”خود“ کا ایک بال تک نہیں دکھاتا، تاکہ وہ اپنے آپ پر فریفتہ نہ ہو جائے۔ اگر بندے کی نظر اپنے ہی چہرے کے جمال پر پڑ جائے تو وہ محبت کے جوش میں نالہ و فغاں کرنے لگے۔ پس جو کوئی اپنی حقیقت کی خوشبو پانا چاہے، اُسے مجاہدہ و ریاضت کے ریگزار سے گزرنا ہوگا، کیونکہ یہ جہاں در حقیقت تیرے ہی وجود سے معمور ہے اور تو گمان کرتا ہے کہ تیرا ہونا کہیں اور ہے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اسی سیاق میں حضرتِ بایزید بسطامی قدس سرہٗ کا ایک اور قول نہایت پر اسرار ہے: ”دنیا کے اٹھارہ ہزار عالَم بایزید سے بھرے ہوئے ہیں مگر بایزید خود کہیں دکھائی نہیں دیتا۔“ گویا سب کچھ اُس وحدتِ کلی میں ضم ہو چکا ہے اور فرد کی ہستی فنا ہو کر عینِ حقیقت میں باقی رہتی ہے۔

یہی نکتہ حضرتِ عطّار رحمۃ اللہ علیہ اپنی رمزی حکایات میں یوں بیان فرماتے ہیں کہ اے سالکِ راہِ حق! اگر تُو اپنے اندر کی آنکھ کھول لے تو دونوں جہاں تیرے قدموں پر نثار ہوں گے۔ جب یہ چشمِ باطن تجھے عطا ہو جائے تو دونوں جہان تیرے اندر گم ہو جاتے ہیں اور تُو اپنے اندر گم ہو جاتا ہے۔

تیری اصل وہ جوہر ہے جو ارض و سما سے برتر ہے۔ اسی لیے قرآنِ کریم میں امانتِ الٰہی کی پیشکش کا ذکر آیا ہے جسے آسمان و زمین نے اُٹھانے سے انکار کیا، مگر انسان نے قبول کیا۔ اس سے مراد وہ معرفت اور قربِ الٰہی ہے جو تیرے اندر بطورِ امانت رکھی گئی ہے۔

یہ باطنی درجۂ کمال اس وقت حاصل ہوتا ہے جب سالک ''میں'' اور ''ہم'' کی قید سے نکل کر فنا فی اللہ کے درجے میں قدم رکھے۔ پھر نہ یہ جہان باقی رہتا ہے نہ وہ، سب کچھ اُس ایک ہی حقیقت کا ظہور ہوتا ہے۔ پس جو اپنے وجود کو مٹا دے، وہی بقا کی حقیقت میں باقی رہتا ہے۔ حضرتِ عطّار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''جب تُو اپنے نفس کے دائرے سے نکل آئے گا تو دونوں جہان تیرا باطن بن جائیں گے اور تُو اُن سب میں محو ہو کر از سرِ نو ایک نئی حیات پائے گا۔''

یہی وہ نکتہ ہے جس پر تمام مشائخِ تصوف متفق ہیں کہ سالک جب ''خودی'' سے بے خود ہوتا ہے تو دونوں عالم اُس پر منکشف ہو کر اُس کے وجود میں ضم ہو جاتے ہیں۔ اُس کی روح عرشِ اعظم کا عکس بن جاتی ہے اور اُس کا دل، وہی دل ہے جس کے بارے میں حدیثِ قدسی میں فرمایا گیا کہ ''مؤمن کا دل عرشِ خدا ہے''۔ پس اے سالکِ حقیقت! اپنے دل کے سمندر میں اتر اور اپنے سینے کے بحرِ اسرار میں ڈوب جا، کہ تیرے قلب کی ایک بوند میں صد جہان پوشیدہ ہیں، اور تیرے جوہر کی رفعت کے آگے آسمان و زمین کی وسعت محض ایک ذرّہ ہے۔

یہی پیغام حضرتِ بایزید بسطامی قدس سرہٗ، حضرتِ جنید بغدادی قدس سرہٗ، اور حضرتِ عطّار نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات میں مسلسل سنائی دیتا ہے کہ انسان کی حقیقت خاکی پیکر میں مقید ضرور ہے مگر اُس کا جوہر لا مکانی ہے؛ وہ خود اپنے محبوب کا سراغ ہے اور اُس کی اپنی ہستی ہی تمام کائنات کی آئینہ دار ہے۔

ابو سعید قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی روحانی مشاہدات کی ایک حالت میں اٹھارہ ہزار عالم دیکھے جو سراپا حضرت بایزید بسطامی قدس اللہ سرہٗ کے انوار سے بھرے ہوئے تھے، مگر خود بایزید کا وجود نظر نہ آیا۔ گویا وہ ذاتِ حق میں اس طرح فنا ہو چکے تھے کہ ان کا کوئی اثر باقی نہ رہا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں بندہ اپنے آپ سے محو ہو کر سب کچھ بن جاتا ہے اور پھر بھی اپنی ہستی سے غائب رہتا ہے۔ عالمِ وجود درحقیقت اس کے فیضان سے معمور ہے مگر وہ خود پردۂ عدم میں چھپا رہتا ہے۔

ایک جلیل القدر عارف نے فرمایا کہ خالقِ حقیقی نے تمہارے سامنے اپنی تمام مخلوقات کو ظاہر کر دیا ہے؛ اوپر نیچے، آگے پیچھے، آسمان و زمین، ستارے و سیارے، ماہ و خورشید، سمندر و خشکی، کہسار و ریگزار، لوح و قلم، عرش و کرسی، ملائکہ و کروبیان، شراب و انگور، جنت و حور، مچھلی و ماہتاب، سانپ و چیونٹی—سب کچھ تمہیں دکھا دیا گیا، مگر تمہاری اپنی حقیقت کا ایک ذرہ بھی تم پر آشکار نہیں کیا۔ تمہاری "تُوہیّت" خود تم سے پوشیدہ ہے۔ اگر تمہاری نگاہ اپنے اصل چہرے پر پڑ جائے تو تم اپنی ہی محبت میں فریاد کرنے لگو۔ اگر تم اپنے وجود کی خوشبو پانا چاہتے ہو تو ریاضت و مجاہدہ اختیار کرو، کہ یہ کائنات تم ہی سے لبریز ہے اور تم ہی سے بے خبر۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

یہ وہی باطنی نگاہ ہے جو انسان کی اصل مرتبہ کو پہچانتی ہے۔ جب یہ آنکھ کھلتی ہے تو دونوں جہان تمہارے سامنے بچھا دیے جاتے ہیں اور تمہارے اندر سمٹ جاتے ہیں۔ اس لمحے تم اپنی حقیقت کے اُس جوہر کو جان لیتے ہو جو اس عالم و اس عالم سے برتر ہے۔

کسی نے حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ سے پوچھا: یہ عرش اور زمین، یہ دونوں جہان کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: "یہ سب میں ہوں، اس لیے کہ میں زندگی پا کر اپنی ذات سے فنا ہو چکا ہوں۔"

جب انسان کی نفسی و جسمانی ہستی ٹوٹتی ہے تو نہ یہ جہان باقی رہتا ہے نہ وہ جہان، مگر وہ حقیقت جو سب کا منبع ہے برقرار رہتی ہے، اور وہ حقیقت خود سالک میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

اسی سلسلے میں بایزید بسطامی قدس اللہ سرہٗ کے وہ جری اقوال بھی منقول ہیں جن میں وہ فرماتے ہیں:

کسی نے سوال کیا: ”عرش کیا ہے؟“ فرمایا: ”میں ہوں۔“

پوچھا گیا: ”کرسی کیا ہے؟“ فرمایا: ”میں ہوں۔“

کہا گیا: ”لوح و قلم کیا ہیں؟“ جواب دیا: ”میں ہوں۔“

یہاں تک کہ جب جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل علیہم السلام کے دلوں کی بات کی گئی تو فرمایا: ”یہ سب بھی میں ہوں۔“

ایک اور مقام پر آپ نے لبوں پر زبان رکھی اور فرمایا: ”میں شراب پینے والا بھی ہوں، شراب بھی اور ساقی بھی۔“ اور اپنے روحانی معراج کا حال بیان کرتے ہوئے کہا: ”میں تیس ہزار برس وحدانیت کے آفاق میں پرواز کرتا رہا، پھر تیس ہزار برس الوہیت کے بحر میں اور پھر تیس ہزار برس فردانیت کی وسعت میں۔ جب نوّے ہزار برس گزر چکے تو میں نے جو کچھ دیکھا وہ سب میں ہی تھا۔“

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

جب آپ کے وصال کی شب آپ کے خادم ابو موسیٰ موجود نہ تھے تو انہوں نے خواب میں دیکھا کہ آسمانی عرش ان کے سر پر رکھا گیا ہے اور وہ اسے اٹھائے ہوئے ہیں۔ صبح ہوئی تو معلوم ہوا کہ حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ کا وصال ہو چکا ہے۔ جب جنازہ اٹھا تو ابو موسیٰ نے جنازے کا ایک کونا پکڑنا چاہا مگر کامیاب نہ ہوئے، آخر نیچے گھس کر سارا تابوت اپنے سر پر لے لیا۔ اسی وقت خواب یاد آیا اور حضرت بایزید کی روحانی بشارت سنائی دی:

”اے ابو موسیٰ! یہی تمہارے خواب کی تعبیر ہے۔“

یہ وہ مقامات ہیں جہاں ’’انا الحق‘‘ کے نعرے اور ’’سب کچھ میں ہوں‘‘ جیسے اقوال عشقِ الٰہی کی بے خودی کا بیان ہیں۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی تاویل یہ فرمائی کہ یہ اقوال حقیقت میں اتحادِ ذاتی کا اعلان نہیں بلکہ عاشق کی سرشاری کے کلمات ہیں، جیسے محبت کی مستی میں عاشق محبوب سے کہتا ہے: ’’میں ہی تو ہوں‘‘۔ جب عقل کا میزان پلٹتا ہے تو سالک جان لیتا ہے کہ یہ سب کچھ حقیقتِ واحد کی تجلی ہے، بندہ اپنی ہستی میں محو ہو کر بھی عبد ہی رہتا ہے۔

ان عارفانہ تجربات کی غایت یہ ہے کہ بندہ ’’میں‘‘ اور ’’ہم‘‘ کی قید سے نکل کر ذاتِ حق کی معرفت حاصل کرے۔ حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ خود اس مقام پر عرض کرتے ہیں: ’’پروردگارِ عالم! میں اپنی انانیت کے ساتھ تیری راہ نہیں پاسکتا۔ مجھے میرے آپ سے نجات عطا فرما۔‘‘ حکم آیا: ’’اے بایزید! تیری رہائی اس میں ہے کہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل پیروی اختیار کر۔‘‘

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

یوں آخرِ کار وہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ عارف جتنا اپنی ہستی کو مٹاتا ہے اتنا ہی ربّانی جلوے اس پر منکشف ہوتے ہیں۔ فنا کا کمال یہی ہے کہ بندہ اپنے آپ کو مٹا کر باقی باللہ ہو جائے، اور جب یہ بقا نصیب ہوتی ہے تو دونوں جہاں اس کی حقیقت میں گم ہو جاتے ہیں، مگر وہ عبدِ محض رہتا ہے اور اسی میں اس کی ابدی سربلندی ہے۔

تصوف کی اس بلند وادی میں جب سالک اپنی ریاضت و مجاہدے کے ہر مرحلے کو طے کر لیتا ہے تو سب سے نازک اور باریک رکاوٹ اُس کی اپنی اَنانیّت اور نفس کی چالیں ہوتی ہیں۔ انسان جب یہ سمجھنے لگتا ہے کہ وہ اپنے رب کے سب سے قریب پہنچ چکا ہے، عین اسی لمحے اس کا نفس اس کے سامنے آکھڑا ہوتا ہے اور راستہ روک لیتا ہے۔

حضرتِ بایزید بسطامی قدس سرّہٗ کے ایک بلیغ ارشاد میں اس گتھی کا سادہ مگر فیصلہ کن جواب ملتا ہے۔آپ نے ایک خواب میں ربّ کائنات سے سوال کیا:

"اے پروردگار! تیری طرف آنے کی راہ کیا ہے؟"

حکمِ الٰہی ہوا: "اپنے آپ کو چھوڑ دے اور آ جا!" (اُترُک نَفسَکَ وتَعال!)

یہی وہ راز ہے جسے صوفیہ فنا عن الفنا یعنی فنا کی فنا کا نام دیتے ہیں۔ یعنی نہ صرف اپنے وجود کی نفی بلکہ اس نفی کی بھی نفی؛ایک ایسی حالت جہاں ''میں'' کے ہر سراب کا وجود مٹ کر کلیتًا مبدإِازل میں جذب ہو جاتا ہے۔اس فنا کے بعد جو بقا ہے، وہی اصل قرار ہے۔ صوفیہ کی زبان میں یہ وہ مقام ہے جہاں فرع (مشتق) اپنے اصل میں گم ہو کر پھر اپنی کوئی پہچان نہیں رکھتا۔

راہِ سلوک کے مسافر کے لیے اس کے پیر و مرشد کی ہدایت ہے:

"اب ہمیشہ اپنے باطن کا سفر کرو! اگر تم اپنے نفس کی قید سے چھوٹ کر توحیدِ خاص کے حرم میں داخل ہونا چاہتے ہو تو اپنی روحانی ہستی سے بھی آگے بڑھو۔

اب تمہیں محبوبِ حقیقی کا ہمراز بننا ہے۔"

یہی وہ لمحہ ہے جب سفر الی اللہ (اللہ کی طرف سفر) کے بعد سفر فی اللہ (اللہ میں سفر) کا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔اس کیفیت کو صوفیہ بقا بعد الفنا کہتے ہیں۔ فنا تو ایک ظاہری زوال ہے، مگر بقا ایک ایسی بلند حیات ہے جس کی تفصیل سے نہ کوئی کہنے والا کچھ کہہ سکا اور نہ کوئی سننے والا کچھ سن سکا۔ عطّار علیہ الرحمہ خود فرماتے ہیں کہ اس مقام کی توصیف کے لیے ایک نیا صحیفہ درکار ہے اور یہ کام تبھی ممکن ہے جب دربارِ الٰہی سے اجازت نصیب ہو۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

شیخ فرید الدین عطّار نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ نے منطق الطیر کے آخری حصے میں فنا اور بقا کے تعلق کو نہایت لطیف انداز میں واضح کیا ہے:

"جو شخص محض مٹ جائے، یہ فنا ہے۔ اور جو فنا کی فنا کو پالے، وہی بقا ہے۔ اگر اس بلند منزل تک پہنچنا چاہتے ہو تو پہلے اپنے آپ کو نیست کرو، پھر نیستی سے بھی آگے کا سفر اختیار کرو۔ آنکھ بند کر کے پھر کھولو، مٹ جاؤ اور اس مٹنے سے بھی مٹ جاؤ، یہاں تک کہ نیستی کے اُس عالم میں پہنچ جاؤ جہاں فنا کے بعد بقا کی روشنی ہے۔"

اس حقیقت کی تشریح کے لیے عطّار نے ایک دلگداز حکایت بیان کی:

ایک بادشاہ اپنے وزیر کے نہایت حسین و جمیل فرزند سے بے پناہ محبت کرتا تھا۔ ایک شب، جب بادشاہ شراب کے نشے میں تھا، اس نوجوان کو اپنی جگہ موجود نہ پاکر حسد و غیرت سے بے قابو ہو گیا اور قتل کا حکم دے دیا۔ وزیر نے اپنی تدبیر سے نوجوان کو بچالیا۔ کچھ دنوں بعد بادشاہ کو اپنی حرکت پر شدید ندامت ہوئی۔ چالیس دن تک روتا رہا، کھانا پینا چھوڑ دیا۔ آخر ایک خواب میں اُس نوجوان نے خون میں لت پت ہو کر بادشاہ کو ملامت کی اور خدا کے حضور اس کی شکایت کی خبر دی۔ بادشاہ نیم دیوانہ ہو کر جاگا، مرنے کی آرزو کرنے لگا، حتیٰ کہ وزیر نے اپنے بیٹے کو بادشاہ کے حضور پیش کیا۔ بادشاہ نے جب اُسے زندہ دیکھا تو جو کیفیت اُس پر گزری وہ شاعر کے بقول "اندھے نے دیکھی اور بہرے نے سنی" — یعنی ناقابلِ بیان۔ یہی فنا کی ندامت اور بقا کی غیر مترقب خوشی کی علامت ہے۔

یہ حکایت ہمیں فنا اور بقا کے عام اصطلاحی معانی نہیں دیتی بلکہ ایک باطنی کیفیت کی جھلک پیش کرتی ہے۔ فنا یہاں اپنے قصور کا شعور ہے، ایک ایسی ندامت جو انسان کو مکمل طور پر توڑ دیتی ہے۔ اور بقا وہ بے حساب عنایت ہے جو اس ٹوٹنے کے بعد نصیب ہوتی ہے۔

شیخ فرید الدین عطّار نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس مقام کی کوئی حتمی خبر نہ سابقین نے دی نہ لاحقین دے سکیں گے۔

یوں فنا کے کئی درجے ہیں:

- کبھی یہ خودی کے شعور کو معطل کرنے کا نام ہے،
- کبھی محبوبِ حقیقی میں ڈوب جانے کا،
- کبھی قطرے کا بحر میں گم ہونے اور
- کبھی آفتاب میں کرن کے مٹ جانے کا۔
-

اور بقا؟ یہ وہی اصلِ وجود ہے جس کے لیے ساری کائنات عدم کے پردے میں سمٹ جاتی ہے۔ فنا کے بعد موت بھی ایک نئی معنویت پا لیتی ہے۔ یہ اب کوئی مہیب انجام نہیں بلکہ اصلِ وجود میں واپسی ہے—وہ سمندر جس سے ہر قطرہ نکلا اور جس میں واپس جا کر ہمیشہ کے لیے پوشیدہ اور محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہی عطّار کی نگاہ میں بقا ہے: فنا کے بعد کا نیا وجود، ازلی سکون اور سرمدی قرار۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اس آخری منزل پر پہنچ کر انسان زندگی اور موت کے خوف سے آزاد ہو جاتا ہے۔ وہ جان لیتا ہے کہ انفرادی ہستی کا مٹ جانا دراصل کائنات کے اس ازلی بحرِ وجود میں جذب ہونا ہے جو ازل سے ہے اور ابد تک باقی رہے گا۔ یہی وہ حل ہے جس کی تلاش میں عاشقِ حق اپنی ساری مسافتیں طے کرتا ہے اور جس کے بعد نہ سوال باقی رہتا ہے نہ جواب—بس ایک خاموشی، ایک روشنی اور ایک لافانی حقیقت۔

سلوک اور جدید نفسیات/Science

ابتدائیہ: اس باب کی ضرورت کیوں؟

بظاہر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ سلوک، جو ایک روحانی اور باطنی راہ ہے، اس کا جدید نفسیات (Psychology)، اعصابی سائنس (Neuroscience)، یا کوانٹم فزکس جیسے جدید علوم کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ کیا یہ دو الگ دنیائیں نہیں ہیں، ایک مسجد و خانقاہ کی اور دوسری تجربہ گاہ (Laboratory) کی؟ لیکن جب ہم گہرائی سے دیکھتے ہیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ دونوں کا مقصد انسان کو حقیقت سے قریب کرنا اور اس کی اصل توانائی کو منکشف کرنا ہے۔ فرق صرف اصطلاحات اور طریقۂ اظہار کا ہے۔ صوفیاء نے صدیوں پہلے جو کچھ "ذکر، مراقبہ اور مجاہدہ" کے نام سے پیش کیا تھا، آج وہی چیزیں مغرب میں "Mindfulness Meditation"، "Attention Therapy" اور "Self-Actualization" کے نام سے مشہور ہیں۔

یہ باب دراصل اسی ضرورت کے تحت لکھا جارہا ہے کہ نئی نسل، جو سائنسی اصطلاحات سے مانوس ہے مگر روحانی زبان سے زیادہ قریب نہیں، ان دونوں جہانوں کے درمیان ربط کو آسانی سے سمجھ سکے۔ تاکہ وہ جان لے کہ تصوف محض قصے کہانیوں یا پرانے زمانے کی عبادات کا نام نہیں بلکہ ایک زندہ، ہمہ جہت اور جدید ترین سائنسی تحقیقات سے ہم آہنگ نظامِ فکر اور نظامِ عمل ہے۔

تصوف کی علمی جہت اور تین طریقے

تصوف دراصل اسلام کی باطنی جہت ہے، جو عقائد یا عبادات کے ساتھ ساتھ براہِ راست حقیقت کے ذاتی اور عملی تجربے پر زور دیتی ہے۔ صوفیانہ روایت میں علم کے تین بنیادی طریقے بیان کیے جاتے ہیں:

بیانی طریقہ—جو نصوص کی شرح و تفسیر پر مبنی ہے، یعنی قرآن و حدیث سے براہِ راست استنباط۔

برہانی طریقہ—جو عقلی استدلال اور منطقی برہان کو استعمال کرتا ہے، تاکہ ذہنی و فکری اطمینان حاصل ہو۔

عرفانی طریقہ—جو باطنی کشف، وجدانی بصیرت اور ذاتی روحانی تجربے پر قائم ہے۔

یہ تینوں جہات اس بات کی علامت ہیں کہ صوفیاء نے علم کو ایک ہمہ گیر اکائی کے طور پر سمجھا، اور طبیعیات و مابعد الطبیعیات کو جداگانہ خانوں میں قید نہیں کیا۔ مغربی فکر نے خصوصاً نشاۃ ثانیہ (Renaissance) اور Enlightenment کے بعد مذہب اور سائنس کو الگ الگ خانوں میں تقسیم کیا، لیکن صوفیاء نے اس کے برعکس ایک ہمہ جہت نظام پیش کیا جس میں مشاہدہ، عقل اور کشف تینوں کو یکجا کر کے حقیقت کا عرفان حاصل کیا جاتا ہے۔

جیسا کہ ڈاکٹر ابراہیم بی سید لکھتے ہیں:

"صوفیہ اور طبیعیات دان دنیا کو ایک ہی زاویے سے دیکھتے ہیں؛ دونوں کے نزدیک کائنات ایک دوسرے سے جڑی ہوئی اور باہم مربوط حقیقت ہے، محض ایک مشینی ڈھانچہ نہیں۔"

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

جدید نفسیات اور صوفیانہ سلوک

جدید سائنس، خصوصاً نفسیات (Psychology) اور اعصابی سائنس (Neuroscience) اس بات پر متفق ہیں کہ انسان کے دماغ اور دل کے سکون کا سب سے بڑا ذریعہ "توجہ" (Attention) اور "یکسوئی" (Mindfulness) ہے۔آج مغرب میں جو "Mindfulness" "Meditation" کی تحریک ہے، وہ دراصل صوفیاء کے مراقبے اور ذکر کی ایک سادہ اور محدود صورت ہے۔

تحقیقات یہ بتاتی ہیں کہ جب انسان اپنی توجہ ایک نقطے پر مرکوز کرتا ہے، چاہے وہ اللہ کا ذکر ہو یا سانس کے بہاؤ پر دھیان، تو دماغ کے اندر Stress Hormones (Cortisol وغیرہ) کم ہو جاتے ہیں اور Happiness Hormones (Serotonin, Dopamine, Endorphins) بڑھنے لگتے ہیں۔یہی وہ کیفیت ہے جسے قرآن نے بیان فرمایا:

"اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ" (یاد رکھو! اللہ کے ذکر ہی سے دل سکون پاتے ہیں)۔

یہی اصول صوفیاء کے "ذکرِ جہری"، "ذکرِ خفی" اور "مراقبہ" کی بنیاد ہے۔

کوانٹم فزکس اور صوفیانہ تصورِ نور

جدید quantum physics اور cosmology نے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ کائنات کے ذرے ذرے میں ایک Invisible Energy (غیر مرئی توانائی) کارفرما ہے۔مادہ بذاتِ خود جامد نہیں ہے توانائی کے مسلسل ارتعاش (Vibrations) کا ایک جال ہے۔صوفیاء اسی کو "نورِ حق" یا "فیضِ ربانی" کہتے ہیں۔

جب سالک ذکر اور مراقبہ کرتا ہے تو وہ اپنے اندر کی توانائی کو کائنات کے اس مرکزی نور سے ہم آہنگ کر لیتا ہے۔ سائنس اسے Resonance یا Synchronization کا نام دیتی ہے، جبکہ تصوف اسے "وصال" یا "فنافی اللہ" کہتا ہے۔ یوں جو بات سائنس ذروں اور لہروں کی زبان میں بیان کرتی ہے، صوفیاء اسے دل اور روح کی زبان میں بیان کرتے ہیں۔

Self-Actualization اور معرفتِ نفس

نفسیات کی جدید اصطلاح "Self-Actualization" ہے، یعنی انسان کا اپنی اصل صلاحیت تک پہنچنا اور اپنی حقیقت کو پہچان لینا۔ مغرب میں اسے انسانی ارتقاء کی بلند ترین منزل سمجھا جاتا ہے۔
لیکن صوفیاء کرام نے صدیوں پہلے فرمایا: "مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ"
(جس نے اپنی حقیقت کو پہچان لیا، اس نے اپنے رب کو پہچان لیا)۔
یہی معرفتِ نفس ہے، جو دراصل معرفتِ رب کی پہلی سیڑھی ہے۔ مغرب کے ماہرینِ نفسیات جیسے Abraham Maslow نے اسے انسانی ترقی کی چوٹی قرار دیا، جبکہ صوفیاء نے اسے سلوک کا نقطۂ آغاز بنا دیا۔

دماغ اور دل کی ہم آہنگی (Brain-Heart Coherence)

انسانی وجود میں دماغ اور دل کی بنیادی ہم آہنگی ایک اہم پہلو ہے، جس پر جدید اعصابی سائنس (Neuroscience) نے شدید توجہ دی ہے۔
تصوف میں یہ موضوع صدیوں پہلے سے موجود تھا، جس میں دل کو وہ عضو قرار دیا گیا جو نہ صرف محسوس کرتا ہے بلکہ حقیقت کو جانچ اور پرکھ بھی سکتا ہے۔

جدید علوم میں دیکھا گیا ہے کہ دل کا برقی میدان (Electromagnetic Field of the Heart) دماغ کے برقی امواج کے ساتھ ہم آہنگ ہوتا ہے، اور اس ہم آہنگی (Coherence) کے نتیجے میں نہ صرف جسمانی سکون حاصل ہوتا ہے بلکہ شعوری اور لاشعوری ذہنی کارکردگی بھی بڑھتی ہے۔

صوفیانہ تعلیم میں یہ وہ مقام ہے جہاں ذکر اور مراقبہ عملی حیثیت اختیار کرتے ہیں۔ جب سالک اپنے دل کی دھڑکن کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرتے ہوئے اللہ کے ذکر یا سانس پر توجہ مرکوز کرتا ہے، تو دماغ میں Prefrontal Cortex اور Amygdala کے افعال میں واضح تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ یہ وہی عوامل ہیں جو عصبی دباؤ (Stress) کو کم کرتے اور خوشی کے ہارمونز (Serotonin, Dopamine) کو بڑھاتے ہیں۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ قلبی شعور (Heart Awareness) صوفیاء کی اصطلاح میں دل کی پاکیزگی اور ہم آہنگی ہے، جبکہ neuroscience میں یہ Heart-Brain Coherence کے طور پر جانا جاتا ہے۔ دونوں زبانیں مختلف ہیں لیکن حقیقت ایک ہی ہے: انسان کے اندرونی شعور اور جسمانی نظام کے درمیان ہم آہنگی، زندگی کے حقیقی سکون اور معرفت کی بنیاد ہے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

Neuroplasticity اور ذکر کی طاقت

جدید نفسیات اور neuroscience نے یہ تسلیم کیا ہے کہ دماغ کی ساخت لچکدار (Plastic) ہے، اور مسلسل توجہ اور مشق سے اس کی نیورونل کنکشنز میں تبدیلی ممکن ہے۔ اس نظریے کو Neuroplasticity کہتے ہیں۔ تصوف میں یہ حقیقت صدیوں سے موجود تھی، جسے وہ مراقبہ، ذکر اور ریاضت کے ذریعے حاصل کرتے تھے۔

صوفیاء کے نزدیک ذکر اور مراقبہ روحانی مشقوں کے ساتھ ساتھ دماغ اور دل کی ایک مربوط تربیت ہیں۔ جب انسان مسلسل ذکر کرتا ہے یا ذہن کو ایک نقطے پر مرکوز کرتا ہے، تو وہ اپنے ذہنی نمونوں (Mental Patterns) کو تبدیل کرتا ہے، غیر ضروری فکر اور جذباتی اضطراب (Emotional Stress) کم کرتا ہے، اور شعور کی گہرائی میں اضافہ کرتا ہے۔ Neuroscience اس کو اس طرح بیان کرتی ہے کہ hippocampus اور prefrontal cortex میں synaptic plasticity بڑھتی ہے، یعنی یادداشت، فیصلہ سازی، اور احساسات کے انتظام میں بہتری آتی ہے۔

یہیں پر تصوف اور جدید سائنس کا ملاپ واضح ہوتا ہے: صوفیاء نے دل اور دماغ کے ارتقاء کے لیے عملی طریقے وضع کیے، جبکہ neuroscience آج انہی عملوں کے میکانزم کو سائنسی زبان میں بیان کر رہی ہے۔ اس بات کا مطلب ہے کہ صوفیانہ مراقبہ ایک سائنسی تجربہ بھی ہے، جو انسان کے دماغی اور جذباتی نظام کو مثبت طور پر تبدیل کرتا ہے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

Altered States of Consciousness اور Mystical Experience

تصوف میں سالک کی زندگی کا اہم مقصد Altered State of Consciousness تک پہنچنا ہے، جسے وہ "حالاتِ روحانی" یا "حالاتِ وجدانی" کے نام سے جانتے ہیں۔ جدید نفسیات میں اس کے مترادف اصطلاحات ہیں: Mystical Experiences، Transcendental States، اور Flow States۔

سلوک کے دوران سالک کے شعور کے مختلف درجات سامنے آتے ہیں، جن میں دنیاوی فکر و اضطراب کم اور داخلی روشنی یا Divine Awareness زیادہ محسوس ہوتی ہے۔

Neuroscience کے تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ ایسے Altered States میں (Default Mode Network (DMN کی سرگرمی کم ہو جاتی ہے، جو کہ خود شناسی، Ego Activity اور فکری اضطراب سے متعلق ہے۔ تصوف میں یہی مرحلہ فنافی اللہ یا وصل کے نام سے جانا جاتا ہے، یعنی خودی کی کمزوری اور کائنات کی وحدت کا شعور۔

Quantum Physics کے نقطہ نظر سے بھی یہ قابل غور ہے کہ شعور کو صرف دماغی عمل تک محدود نہیں کیا جا سکتا بلکہ وہ ایک وسیع توانائی کے جال میں شامل ہے۔ اسی طرح صوفیاء نے اسے "نورِ حق" اور "فیضِ ربانی" کے ساتھ ہم آہنگی قرار دیا۔ Altered States میں انسان نہ صرف اپنے اندرونی وجود کو محسوس کرتا ہے بلکہ کائنات کے بنیادی اصولوں سے بھی جڑتا ہے، جو کہ Quantum Entanglement اور Energy Fields کے نظریات سے مطابقت رکھتا ہے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

کائنات کی ساخت اور صوفیانہ Cosmology

صوفیانہ فکر میں کائنات کو محض مادی مظاہر کے مجموعے کے طور پر نہیں دیکھا گیا بلکہ اسے ایک مربوط نظام کے طور پر تصور کیا گیا، جس میں ہر ذرے، ہر توانائی کا تعلق ایک مرکزی حقیقت سے ہے، جسے صوفیاء "نورِ حق" یا "فیضِ ربانی" کہتے ہیں۔ جدید Cosmology بھی اس تصور سے ہم آہنگ ہے، جو بتاتی ہے کہ کائنات میں ہر ذرے کی توانائی اور ہر ذرے کا برقی یا کوانٹم فیلڈ ایک دوسرے سے مربوط ہے۔ Quantum Field Theory اور String Theory کی تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ مادہ کے سب سے بنیادی ذرے بھی خالی خلا میں توانائی کے ارتعاشات ہیں، اور یہ ارتعاشات Universe کے تمام مظاہر کے لیے بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

صوفیاء کے نزدیک کائنات میں ہر چیز انسان کی اندرونی کائنات کا عکس ہے۔ جب سالک اپنے باطنی وجود میں غوطہ زن ہوتا ہے، وہ اسی کائناتی وحدت کی طرف بڑھتا ہے، اور ہر عمل، ہر سوچ، ہر احساس میں کائنات کی نمائندگی دیکھتا ہے۔ یہ وہی نظریہ ہے جسے Modern Physics میں "Observer Effect" کہا جاتا ہے، یعنی مشاہدہ کرنے والا خود بھی مظاہر کی تشکیل میں کردار ادا کرتا ہے۔ صوفیانہ Cosmology اور Quantum physics میں یہ مطابقت انسان کے شعور اور کائنات کے درمیان ایک گہرا رشتہ ظاہر کرتی ہے، جو سلوک کے مقصد کی بنیاد ہے۔

Self-Actualization اور معرفتِ نفس

جدید نفسیات میں Self-Actualization کا مفہوم Maslow کی Hierarchy of Needs سے جڑا ہوا ہے، جو انسان کی ترقی کی اعلیٰ ترین منزل بیان کرتا ہے۔ صوفیاء نے اس تصور کو صدیوں پہلے بیان کیا تھا، لیکن وہ اسے روحانی اصطلاحات میں بیان کرتے ہیں: "مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ"۔ صوفیانہ Self-Actualization میں انسان اپنے باطنی وجود کو پہچانتا ہے، اپنے خواص، توانائی، اور شعور کے مختلف درجے دریافت کرتا ہے، اور اسی کے ذریعے اپنی اصل صلاحیتوں کو بروئے کار لاتا ہے۔ جدید Psychology بھی یہی کہتی ہے کہ جب انسان اپنے اندرونی Potential کو پہچانتا ہے، تو وہ نہ صرف ذہنی سکون حاصل کرتا ہے بلکہ اپنی تخلیقی اور اخلاقی صلاحیتوں کو بھی فروغ دیتا ہے۔ Neuroscience کے مطابق یہ عمل Prefrontal Cortex، Anterior Cingulate Cortex، اور Default Mode Network کے ہم آہنگ فعالیت سے ممکن ہوتا ہے، جس سے Self-Reflection، Emotional Regulation، اور Insight میں اضافہ ہوتا ہے۔

انسان کی زندگی دراصل ایک سفر ہے — اندر سے باہر اور باہر سے اندر۔ جدید نفسیات اور اعصابی سائنس نے اس سفر کو اپنے الفاظ میں بیان کیا ہے: Attention، Focus، Mindfulness، Neuroplasticity، Altered States of Consciousness۔ مگر یہی بات صوفیاء کرام نے صدیوں پہلے ذکر، مراقبہ، اور سلوک کے نام سے واضح کر دی تھی۔ فرق صرف یہ ہے کہ سائنس تجربہ گاہ میں اس کے آثار کو ناپتی ہے اور صوفی خانقاہ میں اس کے ذائقے کو چکھتا ہے۔

یہ وہ نکتہ ہے جسے نئی نسل کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ آج کا نوجوان جو Mobile Notifications، Social Media کی دنیا اور تیز رفتار زندگی کے شور میں جکڑا ہوا ہے، وہ اکثر یہ سوال کرتا ہے کہ صوفیانہ سلوک کی باتیں اس کی زندگی میں کس طرح مددگار ہو سکتی ہیں؟ لیکن اگر وہ دیکھے تو حقیقت یہ ہے کہ سلوک کی ہر تعلیم اسی کے لیے ہے۔

مثال کے طور پر، جدید انسان کی سب سے بڑی مشکل Distraction ہے۔ دماغ ایک وقت میں ہزاروں خیالات میں الجھا رہتا ہے، اور اس کا نتیجہ ہے Anxiety اور Depression۔ سائنس کہتی ہے کہ اس کا علاج Focus اور Mindfulness ہے، جبکہ صوفیائے کرام نے فرمایا:
"ذکر میں لگے رہو تاکہ دل کو سکون ملے۔"

اسی طرح جدید انسان کی دوسری بڑی ضرورت ہے Connection — یعنی تعلق۔ وہ Social Media پر ہزاروں دوست بناتا ہے مگر اندر سے تنہائی کا شکار ہے۔ تصوف کہتا ہے کہ اصل تعلق انسان کا اللہ سے ہے، اور جب وہ اس تعلق کو پہچان لیتا ہے تو باقی تمام تعلقات اپنی جگہ درست ہو جاتے ہیں۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission of Spreading Love

تیسری ضرورت ہے Self-Discovery۔ نوجوان یہ جاننا چاہتا ہے کہ میں کون ہوں، میری اصل کیا ہے، اور میں اس کائنات میں کہاں کھڑا ہوں۔ سائنس اس سوال کو Neuroscience اور Psychology کے تجربات سے دیکھتی ہے، لیکن صوفیاء نے بڑی سادگی سے کہا:

"مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ"

(جس نے اپنے آپ کو پہچانا، اس نے اپنے رب کو پہچانا۔)

یہ وہ پیغام ہے جو تصوف اور جدید نفسیات دونوں ہمیں دیتے ہیں: انسان اپنے اندر جھانکے، اپنے شعور کو وسعت دے، اور حقیقت کے ساتھ جڑ جائے۔

یہاں یہ بات بھی سمجھنے کی ہے کہ سلوک صرف چند مخصوص افراد کا سفر نہیں، یہ ہر انسان کا فطری راستہ ہے۔ ہر بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اس کی روح پاک اور شفاف ہوتی ہے، لیکن دنیا کے اثرات، نفسیاتی دباؤ اور خواہشات اسے دھندلا دیتے ہیں۔ سلوک دراصل اس پردے کو ہٹانے کا عمل ہے۔ جدید سائنس کہتی ہے کہ دماغ اپنے Connections کو مسلسل بدل سکتا ہے، یعنی انسان اپنی شخصیت اور عادات کو بدلنے کی طاقت رکھتا ہے۔ صوفیاء یہی بات اپنے انداز میں کہتے ہیں: "توبہ کرو، مجاہدہ کرو، ذکر کرو، تاکہ دل کا آئینہ صاف ہو جائے۔"

یہی ربط اس باب اور رسالہ سلوک کے درمیان ہے۔ یہ باب بتاتا ہے کہ سلوک کوئی پرانی روایت نہیں بلکہ آج کے دور میں بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا پہلے تھا۔ اور رسالہ سلوک اس راستے کا نقشہ ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ سالک کس طرح قدم بہ قدم اپنی حقیقت تک پہنچ سکتا ہے۔

DARGAH HAMZA PIR

اگر جدید نفسیات ہمیں یہ سمجھاتی ہے کہ دماغ کو سکون کے لیے Focus درکار ہے، تو رسالہ سلوک ہمیں بتاتا ہے کہ وہ Focus ذکر میں کیسے حاصل کیا جائے۔ اگر Quantum Physics ہمیں یہ بتاتی ہے کہ کائنات کے ذرے ذرے میں توانائی کا ایک جال ہے، تو رسالہ سلوک ہمیں یہ سمجھاتا ہے کہ وہ توانائی دراصل نورِ حق ہے اور سالک اس سے کیسے ہم آہنگ ہو سکتا ہے۔ اور اگر Psychology ہمیں Self-Actualization کی چوٹی دکھاتی ہے، تو رسالہ سلوک ہمیں اس چوٹی کے پار کا منظر دکھاتا ہے، جہاں Self-Actualization معرفتِ رب میں بدل جاتی ہے۔

یوں اس باب کا اختتام ایک نئے دروازے کی طرف اشارہ کرتا ہے: سلوک اور جدید سائنس کے درمیان فاصلہ نہیں، ایک ہم آہنگی ہے۔ سائنس عقل کو مطمئن کرتی ہے، اور سلوک دل کو روشن کرتا ہے۔ اور جب عقل اور دل دونوں ایک ساتھ چلتے ہیں تو انسان اپنی حقیقت کے قریب پہنچ جاتا ہے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

یہی رسالہ سلوک کا مقصد ہے، اور یہی اس باب کا حاصل:
نئی نسل کے لیے یہ پیغام کہ سلوک صرف خانقاہ کی بات نہیں، بلکہ آج کے انسان کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

خلاصہ و نتائج

رسال سلوک کی تحقیق و ترجمہ کے بعد اب ہم اس کے اس حصے پر پہنچے ہیں جہاں ضروری ہے کہ پورے علمی و فکری مباحث کو ایک ربط کے ساتھ سمیٹ کر ان کے نتائج کو بیان کیا جائے۔ تحقیق کی دنیا میں یہ اصول مسلم ہے کہ کوئی بھی علمی کاوش اس وقت تک مکمل نہیں سمجھی جاتی جب تک اس کے مرکزی نکات کو ایک تسلسل کے ساتھ بیان نہ کیا جائے اور یہ واضح نہ کیا جائے کہ اس مطالعے سے ہمیں کیا نیا فہم، کیا علمی اضافہ اور کیا عملی رہنمائی حاصل ہوئی۔ یہی مقصد اس باب کا ہے کہ ہم رسال سلوک کو ایک مجموعی تناظر میں دیکھیں اور اس سے وہ سبق اخذ کریں جو آج کے انسان کے لئے بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا صدیوں پہلے تھا۔

سب سے پہلی حقیقت جو اس رسالے سے نمایاں ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ نے انسانی روح کے سفر کو ایک واضح اور مربوط طریقے سے بیان کیا۔ یہ سفر ایک شخصی یا داخلی تجربہ نہیں ہے بلکہ ایک پوری انسانیت کے لئے ایک آفاقی حقیقت ہے۔ سالک کی راہ میں آنے والے مراحل، نفس کے حجاب، عقل کی حدود، کشف و شہود کی حقیقت اور ذکر و ریاضت کی افادیت —— یہ سب مضامین کسی جزوی اور سطحی انداز میں نہیں ایک ہمہ گیر نظام کی صورت میں سامنے آتے ہیں۔ یوں یہ رسالہ ہمیں بتاتا ہے کہ سلوک دراصل ایک ایسا منظّم عمل ہے جو انسان کی تمام جہات کو محیط کرتا ہے؛ اس کا ظاہر، اس کا باطن، اس کا جسم، اس کی روح، اس کا شعور اور اس کا تحت الشعور —— سب اس عمل کا حصہ ہیں۔

یہاں ایک نہایت اہم نتیجہ یہ بھی سامنے آتا ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولیؒ کے نزدیک شریعت اور طریقت کا رشتہ ناقابلِ انفصال ہے۔ بعض حلقے یا تو شریعت کو صرف ظاہر کی سطح پر محدود کرتے ہیں یا پھر طریقت کو محض وجدانی کیفیات تک سمجھے بیٹھے ہیں، لیکن اس رسالے میں بار بار یہ حقیقت بیان کی گئی ہے کہ ظاہر اور باطن لازم و ملزوم ہیں۔ شریعت کے بغیر طریقت گمراہی ہے اور طریقت کے بغیر شریعت ایک بے روح ڈھانچہ ہے۔ یہی بات اس رسالے کو اسلامی روحانیت کی مستند روایت میں ایک منفرد مقام عطا کرتی ہے۔ اس نتیجے کا ایک عملی پہلو یہ بھی ہے کہ آج کے دور میں جب دین کو محض ظاہری اعمال یا صرف فلسفیانہ نظریات میں محدود کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے، رسالہ سلوک ہمیں ایک متوازن راہ دکھاتا ہے جس میں ظاہر و باطن کی ہم آہنگی کے بغیر کوئی حقیقی ترقی ممکن نہیں۔

ہماری تحقیق کا پہلا اہم حصہ "سلوکِ باطن اور سفرِ درون" کے عنوان سے سامنے آیا۔ اس حصے میں یہ واضح کیا گیا کہ تصوف دراصل ایک نظری فکر یا اخلاقی تعلیم کے نام کے ساتھ ساتھ ایک عملی اور داخلی سفر ہے۔ انسان اپنے باطن میں جب جھانکتا ہے تو اسے اپنے نفس کے مختلف پہلو، خواہشات کے پردے اور روحانی مدارج سامنے آتے ہیں۔ اس مضمون میں ہم نے نہ صرف صوفیاء کرام کے اقوال اور مجرب تجربات کو پیش کیا بلکہ ان مراحل کو ایک مربوط ترتیب میں رکھا تاکہ سالک کو یہ سمجھنے میں آسانی ہو کہ یہ سفر محض چند دن یا ہفتوں کا نہیں بلکہ پوری زندگی پر محیط ہے۔

اس حصے سے جو نتیجہ برآمد ہوا وہ یہ تھا کہ حقیقت تک پہنچنے کے لئے انسان کو اپنے نفس کی تہذیب اور دل کی صفائی ناگزیر ہے۔ قرآنِ مجید کا یہ اصول: "قد افلح من زکاھا وقد خاب من دساھا" اس پورے مضمون کا مرکزی نکتہ رہا۔

DARGAH HAZARA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اس کے بعد ہم نے ایک بالکل نیا باب قائم کیا جس کا عنوان ہے "سلوک اور جدید نفسیات"۔ بظاہر یہ دونوں میدان الگ الگ دکھائی دیتے ہیں؛ ایک روحانیت اور باطن کا، دوسرا سائنس اور تجربہ گاہوں کا۔ مگر ہم نے اس تحقیق میں یہ دکھایا کہ دونوں کا مرکز ایک ہی ہے: یعنی انسان اور اس کا شعور۔ جدید نفسیات خصوصاً Neuroscience اور Psychology اس بات پر متفق ہیں کہ انسان کے ذہن کو سکون اور یکسوئی تب ہی نصیب ہوتی ہے جب وہ اپنی توجہ کو قابو میں لاتا ہے۔ یہی حقیقت صوفیاء کے ہاں "ذکر" اور "مراقبہ" کے نام سے صدیوں سے موجود ہے۔

اس مضمون کا اہم نتیجہ یہ نکلا کہ تصوف اور سائنس دونوں ایک دوسرے کے مخالف نہیں بلکہ تکمیل کرتے ہیں۔ سائنس جن phenomena کو "Attention, Mindfulness, Dopamine release, Resonance" جیسے الفاظ میں بیان کرتی ہے، صوفیاء انہیں "یادِ الٰہی، سکونِ قلب اور فیضِ ربانی" کے نام سے پکارتے ہیں۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اسی سلسلے میں ہم نے ایک اور اہم ربط قائم کیا جو کہ کوانٹم فزکس اور تصوف کے بیچ ہے۔ کوانٹم تھیوری نے یہ حقیقت منکشف کی کہ کائنات کا بنیادی ڈھانچہ جامد مادہ نہیں بلکہ ایک Invisible Energy Field ہے جو ہر شے کو جوڑے ہوئے ہے۔ یہی وہ بات ہے جسے صوفیاء کرام نے "نورِ حق" اور "وحدت الوجود" کے استعاروں میں بیان کیا۔ ہماری تحقیق نے اس نتیجے کو نمایاں کیا کہ جدید فزکس اور تصوف دراصل ایک ہی حقیقت کے دو زاویے ہیں؛ ایک اسے تجربہ گاہوں میں دریافت کرتا ہے، دوسرا قلبی کشف و شہود کے ذریعے۔

مزید یہ کہ ہم نے "سلوک اور معرفتِ نفس" کو ایک مستقل حصہ بنایا۔ یہاں یہ بات واضح ہوئی کہ مغرب میں جو اصطلاح "Self-Actualization" کے نام سے رائج ہے، وہی حقیقت صوفیاء نے صدیوں پہلے "من عرف نفسہ فقد عرف ربہ" کی شکل میں بیان کی۔

ہماری تحقیق کا نتیجہ یہ نکلا کہ حقیقی خود شناسی دراصل خدا شناسی کی طرف لے جاتی ہے۔ انسان اپنی اصل حقیقت کو تبھی پہچان سکتا ہے جب وہ اپنے ظاہر سے باطن کی طرف، اور باطن سے اس اصل نور کی طرف سفر کرے جس سے اس کی روح کو فیض ملا ہے۔

ان تمام مضامین کو سمیٹنے کے بعد یہ واضح ہوا کہ رسالہ سلوک ایک ایسا زندہ نظامِ فکر ہے جو ہر دور میں نئی معنویت کے ساتھ سامنے آ سکتا ہے۔ آج کے دور میں جب انسان نفسیاتی دباؤ، وجودی بے سمتی اور مادیت پرستی میں الجھا ہوا ہے، یہ رسالہ اسے وہی پیغام دیتا ہے جو صدیوں پہلے دیا گیا تھا: اپنے اندر کا سفر کرو، اپنے دل کو ذکرِ الٰہی سے روشن کرو، اور اپنی روح کو حقیقتِ مطلقہ کے ساتھ ہم آہنگ کرو۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

ماخذ و مراجع

- اَسرار التّوحید فی مقامات الشیخ ابی سعید — مرتبہ : محمد رضا شفیعی کدکنی
- تاریخ نامہ دکھنی — مخطوطہ، مصنفہ : حسن
- تاریخِ فرشتہ — ابو القاسم ہندو شاہ فرشتہ
- تذکرۃ الاولیاء — حضرت شیخ فریدالدین عطار قدس سرہ
- تکوین العقل العربی — مصنف : محمد عابد الجابری
- جوامع الکلم (ملفوظات خواجہ گیسو دراز سید محمد حسینی قدس سرہ) — مولف : حضرت سید محمد اکبر حسینی
- دربارِ اکبری
- دلیل العارفین — ملفوظات حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین حسن چشتی قدس سرہ
- دیوانِ شاہ نعمت اللہ ولی کرمانی
- رسالہ تلاش — فارسی، مطبوعہ تہران
- رہروانِ طریقت و عرفان — مرزا محمد باقر سلطان گنا بادی
- راحت القلوب — ملفوظات حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر قدس سرہ
- سیر الاولیاء — حضرت سید مبارک کرمانی چشتی قدس سرہ
- فرہنگِ تصوف
- فوائد السالکین — ملفوظات حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی چشتی قدس سرہ

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

ماخذ و مراجع

- مراۃ الاسرار — حضرت شیخ عبد الرحمٰن چشتی قدس سرہ
- مصیبت نامہ — حضرت شیخ فرید الدین عطار قدس سرہ
- مفتاح العاشقین — ملفوظات حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی قدس سرہ
- مقدمہ دیوانِ شاہ نعمت اللہ ولی — استاد سعید نفیسی
- مجمع الرسائل — مخطوطہ، کتب خانہ آصفیہ، سٹیٹ سینٹرل لائبریری، حیدآباد دکن
- مجمع الفصحاء — رضا قلی خان ہدایت طبرستانی
- مکتوبات حضرت خواجہ گیسو دراز سید محمد حسینی قدس سرہ
- مشکوٰۃ النبوۃ — حضرت سید غلام علی قادری قدس سرہ
- منطق الطیر — حضرت شیخ فرید الدین عطار قدس سرہ

DARGAH HAMZAPIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

ماخذ و مراجع

- Al-Ghazali: On Disciplining the Soul — Shaykh Abdal Hakim Murad
- Altered Traits — Daniel Goleman & Richard J. Davidson
- Flow: The Psychology of Optimal Experience — Mihaly Csikszentmihalyi
- Islamic Perspectives in Science and Technology — Dr. Ibrahim B. Syed
- Mystical Dimensions of Islam — Annemarie Schimmel
- The Alchemist — Paulo Coelho
- The Coherent Heart — Rollin McCraty
- The Heart's Code — Paul Pearsall
- The Literary Mind — Mark Turner
- The Need for a Sacred Science — Seyyed Hossein Nasr
- The Sufi Path of Knowledge: — William C. Chittick
- Zen and the Brain — James H. Austin

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

عرضِ گزارش

آخر میں راقمِ سطور اپنے معزز قارئین، اہلِ علم اور اربابِ ذوق سے نہایت ادب و انکسار کے ساتھ یہ گزارش کرتا ہے کہ اس کتاب رسالۂ سلوک کے مطالعہ کے دوران اگر کہیں علمی، تحقیقی، لسانی یا طباعتی نوعیت کی کوئی لغزش، سہو یا کمی بیشی نظر آئے تو اسے حسنِ ظن پر محمول کرتے ہوئے ضرور مطلع فرمائیں۔ یہ کاوش نہ کسی دعوائے کمال کے تحت پیش کی گئی ہے اور نہ ہی اسے خطا سے مبرا سمجھا گیا ہے، بلکہ اسے ایک طالبِ علمانہ سعی اور خدمتِ علم کے طور پر اہلِ نظر کے سامنے رکھا گیا ہے۔

تحقیق ایک زندہ اور مسلسل عمل ہے، جس کی تکمیل اہلِ علم کی تنقیدی نظر اور اصلاحی توجہ کے بغیر ممکن نہیں۔ اسی لیے قارئین کی جانب سے پیش کی جانے والی آراء، تنبیہات اور اصلاحات کو نہ صرف قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا بلکہ آئندہ اشاعتوں میں ان سے بھرپور استفادہ بھی کیا جائے گا، تاکہ یہ کتاب علمی اعتبار سے زیادہ مستند اور نافع بن سکے۔

DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اگر اس کتاب کا کوئی حصہ قارئین کے لیے فکری رہنمائی، روحانی بالیدگی یا علمی استفادہ کا باعث بنے تو اسے مصنف کی خوش بختی سمجھا جائے گا، اور اگر کہیں کوتاہی رہ گئی ہو تو اس کی ذمہ داری پوری طرح راقم پر عائد ہوگی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو قبول فرمائے، نیتوں کی اصلاح کرے، اور اس کام کو علم و عمل کی راہ میں مفید بنائے۔

واللہ ولیُّ التوفیق۔

زیرِ تحقیق تصانیف کا تذکرہ

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہٗ کی اُن دو اہم تصانیف کا اجمالی تذکرہ بھی درج کیا جائے جن پر راقمُ الحروف کی تحقیقی و تدوینی کاوش اس وقت جاری ہے۔

پہلی تصنیف رسالۂ حواسِ ظاہر و باطن ہے، جس میں حضرت شاہ نعمت اللہ ولی نے انسانی ادراک، حسی تجربے اور باطنی شعور کے باہمی تعلق کو نہایت دقیق اور معنوی انداز میں بیان فرمایا ہے، اور ظاہر و باطن کی اس نسبت کو واضح کیا ہے جو سلوک کی اساس سمجھی جاتی ہے۔

دوسری تصنیف رسالۂ شرح سوالِ کمیل ہے، جو حضرت امیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے معروف سوالِ کمیل کی شرح پر مشتمل ہے، اور جس میں معرفتِ الٰہی، توحید، قضا و قدر اور عبد و معبود کے باطنی رشتے جیسے عمیق مباحث صوفیانہ ذوق اور حکیمانہ اسلوب میں سامنے آتے ہیں۔
امید ہے کہ ان دونوں تصانیف پر جاری یہ تحقیقی کام آئندہ اہلِ علم کے سامنے ایک مستند اور مفید صورت میں پیش کیا جا سکے گا، اور حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کے فکری و روحانی نظام کو سمجھنے میں مزید وسعت کا باعث بنے گا۔

DARGAH HAMZA PIR



راقمُ الحروف کی تصانیف

اس موقع پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ راقمُ الحروف کی اُن دو تصانیف کا اجمالی تعارف بھی درج کر دیا جائے جو فکری، ادبی اور روحانی اعتبار سے ایک مشترک ذوق کی نمائندہ ہیں۔ پہلی کتاب Gesu Daraz: A Compilation of Heartfelt Reverence by Great Philosophers Worldwide ہے، جس میں مختلف ادوار اور تہذیبوں سے تعلق رکھنے والے مفکرین اور اہلِ دانش کی تحریروں کے ذریعے حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کی شخصیت، تعلیمات اور اثرات کا ہمہ جہت مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ دوسری کتاب In the Shadow of Sorrow: The First Urdu Marsiya Composed by Ḥaḍrat Burhānuddīn Jānam ہے، جس میں اردو مرثیے کی ابتدائی روایت کو تاریخی، ادبی اور فکری تناظر میں سامنے لایا گیا ہے، اور حضرت برہان الدین جانمؒ کے مرثیے کو اردو ادب کی ارتقائی تاریخ میں اس کے اصل مقام کے ساتھ متعارف کرایا گیا ہے۔ ان دونوں کتب کا مطالعہ اُن قارئین کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے جو تصوف، تاریخ اور اردو ادب کے باہمی رشتوں کو گہرائی سے سمجھنا چاہتے ہیں، اس لیے اہلِ ذوق سے گزارش ہے کہ انہیں ڈاؤن لوڈ کر کے ضرور مطالعہ میں لائیں۔





ترجمہ، تحقیق وترتیب:

زیرِ نظر رسالہ سلوک کا ترجمہ، تحقیق اور ترتیب پیرزادہ سید جعفر حسین زیدی حمزوی صاحب نے انجام دیا ہے، جو حضرت سید شاہ کمال الدین میاں شاہ حمزہ زیدی چشتیؒ (معروف بہ حمزہ پیر) کی تیرھویں پشت سے ہیں۔ یہ وہ خانوادہ ہے جو علم، تقویٰ اور علومِ روحانیہ کی گہری روایت کا امین رہا ہے۔ خاندانی صحبت اور خانقاہی فضا کی پرورش نے ان کی فکری و روحانی تشکیل میں خاموش تربیت، محبت اور حضورِ قلب جیسے لطیف عناصر کو بنیادی کردار عطا کیا۔

آپ نے عربی زبان میں عالم و فاضل کی اسناد حاصل کیں، اور فی الوقت کامل الفقہ کے مرحلے میں ہیں۔ ایک نوجوان عالم، فاضل اور محققِ تصوف کی حیثیت سے یہ کاوش محض ترجمہ نہیں بلکہ ایک علمی امانت ہے، جس میں اصل فارسی متن کی روح، صوفیانہ معنویت اور فکری تسلسل کو اردو قالب میں منتقل کرنے کی کوشش کی گئی ہے، تاکہ یہ رسالہ اہلِ علم کے لیے تحقیق اور طالبانِ سلوک کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بن سکے۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

اللہ تعالیٰ اس عاجزانہ کوشش کو قبول فرمائے، اور اس کتاب کو طالبانِ حق کے لیے نافع، اور اہلِ تحقیق کے لیے مفید بنائے۔ آمین۔

درگاہ تاریک الدنیا واصل دین قدوۃ السالکین
قطب الاقطاب افتخارِ اولیاء حضرت سید کمال الدین
میاں شاہ حمزہ پیر دھرسووی زیدی چشتی نظامی
بندہنوازی قدس سرہ العزیز۔

دھرسوں ضلع نارنول مہندر گڑھ ڈسٹرکٹ
ریاستِ ہریانہ ہندوستان۔

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

سجادہ نشین: تقدس مآب حضرت پیرزادہ سید شاہ
فضل احمد زیدی حمزوی صاحب قبلہ دامت برکاتہ

dargahhamzapir6@gmail.com
call: +91 9182901371

درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love

رسالہ سلوک
درگاہ حمزہ پیر
DARGAH HAMZA PIR
Sufism The Mission Of Spreading Love